کیچ

۱۹۹۳

GOVERNMENT DEGREE COLLEGE

زیر اہتمام گورنمنٹ ڈگری کالج تربت

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

ملا فاضل اکیڈمی
تربت

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مجلہ

کیچ

۱۹۹۳ء

زیراھتمام

گورنمنٹ ڈگری کالج تربت مکران

طباعت:
اسحاقیہ پرنٹنگ پریس کراچی

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

فہرست مضامین

نمبر شمار	مضمون	صفحہ
۱	عام ترتیب	۴
۲	ترتیب (حصۂ اردو)	۵
۳	پیغام گورنر بلوچستان	۶
۴	گورنمنٹ ڈگری کالج تربت	۷
۵	آغاز اور رفتار	
۶	عمومی اداریہ	۹
۷	اداریہ	۱۲
۸	نبوتِ محمدی کا ظہور ــــ پروفیسر علی بخش دشتی	۱۳
۹	یادوں کا آئینہ ــــ غنی پرواز	۱۶
۱۰	کمپیوٹر منزل بمنزل ــــ وہاب شوہاز۔ تھرڈ ایئر سائنس	۱۹
۱۱	علم کی فضیلت ــــ (ادارہ)	۲۱
۱۲	تعلیم نسواں ــــ قرۃ العین سیکنڈ ائیر	۲۲
۱۳	حب الوطنی ــــ خیر بی بی - بی اے فائنل	۲۴
۱۴	وعدہ ــــ سمی پرواز	۲۵
۱۵	عورت ــــ نجمہ رزاق	۲۹
۱۶	ایک انمول حدیثِ قدسی ــــ میمونہ میاں	۲۹
۱۷	اقوالِ زریں ــــ ثمینہ آزاد	۳۰
۱۸	دولت ــــ زرینہ بلوچ	۳۰
۱۹	آنسو ــــ زرینہ بلوچ	۳۰
۲۰	زبان ــــ محراب بلوچ	۳۱
۲۱	علم کی اہمیت و افادیت ــــ طاہر کلیم	۳۳
۲۲	موجودہ معیارِ تعلیم ــــ نعمت اللہ کامران	۳۵
۲۳	علم ــــ جنت بلوچ	۳۷
۲۴	عورت ــــ یاسمین بلوچ	۳۷
۲۵	سائنس کے کرشمے ــــ مسرت عالم	۳۸
۲۶	ریڈیو ــــ نازی سجاد	۳۹
۲۷	ٹیلی ویژن ــــ راشدہ افضل	۴۰
۲۸	طالب علم کی ذمہ داریاں ــــ گل افروز بلوچ	۴۱
۲۹	جہانِ علم اسلام کی نظر میں ــــ ادارہ	۴۲
۳۰	چیخ ــــ محسن بلوچ	۴۳
۳۱	میر گل خان نصیر ــــ ملوک جان	۴۵
۳۲	والدین کے حقوق ــــ فرحت تبسم	۴۸
۳۳	وقت وقت کی بات ــــ کوثر عنبرین	۴۹
۳۴	زندگی ــــ حنیف تحمل	۵۲
۳۵	اقوالِ زریں ــــ نجیب الرحمٰن	۵۴
۳۶	تعلیم کا گرتا ہوا معیار ــــ مختار عمر	۵۵
۳۷	موسم اور آب و ہوا ــــ فاطمہ واحد	۵۷
۳۸	ملیریا ــــ مختار عمر	۵۸
۳۹	زندگی خوشگوار بنانے کے اصول ــــ ادارہ	۶۰
۴۰	انسان اور زندگی ــــ رخشاں زیب	۶۱
۴۱	بچوں پر ماحول کا اثر ــــ زینت بلوچ	۶۲
۴۲	شیخ سعدیؒ کا کلام اور اس کا ترجمہ ــــ نجمہ اسلم شاہ سیکنڈ ائیر پری میڈیکل	
۴۳		
۴۴		
۴۵		
۴۶		
۴۷		
۴۸		
۴۹		
۵۰		

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

عام ترتیب

نام مجلہ ——— کیچ

زبانیں ——— اردو - بلوچی اور انگریزی

سرپرست ——— پروفیسر سید غلام شبیر

مدیر عمومی ——— پروفیسر علی بخش دشتی

مدیر اردو ——— پروفیسر مطیع الرحمٰن، وہاب شوہاز (طالب علم)

مدیر بلوچی ——— پروفیسر غنی پرواز، ممتاز یوسف (طالب علم)

مدیر انگریزی ——— پروفیسر محمد اشرف، بیزن صبا (طالب علم)

شمارہ ——— دوسرا

سن اشاعت ——— ۱۹۹۳ء

جملہ حقوق بحق میگزین سوسائٹی گورنمنٹ ڈگری کالج تربت
محفوظ ہیں

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

ترتیب (حصۂ اردو)

نامِ کتاب	ــــــــــــ	مجلۂ کیچ
زُبان	ــــــــــــ	اُردو
سرپرست	ــــــــــــ	پروفیسر غلام شبیر
ناشر	ــــــــــــ	میگزین سوسائٹی گورنمنٹ ڈگری کالج تربت
سال	ــــــــــــ	سال ۱۹۹۳ء
صفحات	ــــــــــــ	۶۴
مُدیر	ــــــــــــ	پروفیسر مطیع الرحمٰن
طالب علم مدیر	ــــــــــــ	وھاب شوھاز

زیر انتظام

گورنمنٹ ڈگری کالج تربت مکران

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

گورنر بلوچستان کا گورنمنٹ ڈگری کالج تربت کے جریدے "کیچ" کے لئے

پیغام

مجھے یہ جان کر بے حد خوشی ہوئی ہے کہ گورنمنٹ ڈگری کالج تربت کے جریدے "کیچ" کا دوسرا ایڈیشن شائع کیا جا رہا ہے

یہ امر باعث اطمینان ہے کہ تربت جیسے دور دراز اور پسماندہ علاقے میں قائم اس کالج سے نہ صرف اس علمی و ادبی جریدے کا اجراء عمل میں آیا بلکہ اس کی باقاعدہ اشاعت کا سلسلہ بھی جاری رکھا جا رہا ہے جو کہ صوبے کے دیگر تعلیمی اداروں کے لئے ایک مثال ہے۔ اس قسم کے جرائد کی اشاعت سے نہ صرف طلبہ کی تخلیقی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے اور انہیں مختلف موضوعات پر طبع آزمائی کرنے کا موقع ملتا ہے بلکہ ان سے والدین کو بھی اپنے بچوں کی کارکردگی اور ادارے کی سرگرمیوں کے بارے میں جاننے کا موقع ملتا ہے۔ میں توقع رکھتا ہوں کہ "کیچ" کا دوسرا ایڈیشن بھی گذشتہ ایڈیشن کی طرح اعلیٰ معیار کا حامل ہوگا اور اس میں مفید معلوماتی اور ادبی مضامین شامل کئے جائیں گے۔

میں گورنمنٹ ڈگری کالج کے طلباء اور اساتذہ کو اس جریدے کی اشاعت کا اہتمام کرنے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں اور ان کی مکمل کامیابی کے لئے دعاء گو ہوں۔

سردار گل محمد جوگیزئی

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

گورنمنٹ ڈگری کالج تربت

آغاز اور رفتار

مکران جیسے تعلیمی میدان میں ایک منفرد مقام حاصل رہا ہے موجودہ حیثیت تک پہنچنے کے لئے کٹھن مرحلوں سے گذر چکا ہے۔ ماضی میں جب کہ صوبے کے اس دور افتادہ علاقے میں آمدورفت انتہائی تکلیف دہ تھی وہ بھی علاقے کے باشندوں کی حصول علم میں رکاوٹ نہ بن سکی۔ لانچوں، بادبانی کشتیوں اور بار برداری کے لئے استعمال ہونے والی لاریوں اور ٹرکوں پر کئی کئی راتوں مسافت کی تکلیف برداشت کرتے ہوئے یہاں کے باشندے تشنگی علم کو بجھانے کی خاطر کراچی یا کوئٹہ چلے جاتے تھے جہالت اور پسماندگی سے گھرے ہوئے اس علاقہ نے ایسے گوہر پیدا کئے ہیں جنہوں نے نامساعد حالات کے باوجود بھی کراچی اور کوئٹہ جیسے تعلیمی ترقی یافتہ شہروں کے طلبار سے مسابقت کرتے ہوئے امتیازی طور پر کامیاب و کامرانی حاصل کی اور آج وہ ملک و قوم کی خدمت میں مصروف ہیں

علاقے کی تشنگی علم کو محسوس کرتے ہوئے حکومت نے سنہ ۱۹۶۹ء میں تربت انٹرمیڈیٹ کالج قائم کیا۔ اس طرح تربت کو مکران کے پہلے کالج ہونے کا شرف حاصل ہوا۔ قیام کے وقت اس عظیم ادارے کی اپنی کوئی عمارت نہیں تھی۔ چنانچہ تربت ہائی اسکول کے بورڈنگ کو چند عرصے تک اس مقصد کے لئے حاصل کر کے باقاعدہ طور پر کلاسوں کا آغاز کیا گیا۔ قیام کے پہلے سال تربت کالج میں ۸۰ طالبعلموں نے داخلہ لیا چونکہ زیادہ تر طلبار کا تعلق مکران کے دور دراز علاقوں پنجگور۔ گوادر۔ پسنی اور ماڑہ سے تھا۔ لہٰذا طلبار کی رہائش کے لئے متعدد مکانات کو کرایہ پر حاصل کیا گیا۔

پروفیسر افتخار احمد غوری کو ادارے کے پہلے سربراہ کے ہونے کا شرف حاصل ہوا اگرچہ جناب غوری صاحب تقریباً ۹ مہینے کالج کے پرنسپل رہے لیکن اس قلیل عرصے میں نہایت جانفشانی سے اپنے فرائض منصبی کو ادا کرتے ہوئے ادارے کے لئے ایک روشن ابتدار کا آغاز کیا۔

اس کے بعد جناب پروفیسر غلام رسول خالد صاحب کالج کے دوسرے پرنسپل مقرر ہوئے۔ اور انہوں نے مسلسل گیارہ

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

سال تک اس درسگاہ کی ترقی و توسیع کے لئے رات دن خدمت کرکے ادارے کو دیگر بڑے کالجوں کے ہم پلہ لانے کی کوشش کی۔

موجودہ پرنسپل جناب پروفیسر غلام مصطفیٰ صاحب ہیں جو اپنے پیش روؤں کی طرح ادارے کی ترقی و بہبود کو مزید تیز تر کرنے کی خاطر انتہائی تندہی اور جانفشانی سے سرگرم عمل ہیں۔ اور جناب پروفیسر قمر صدیق صاحب جو وائس پرنسپل ہیں۔ اس مقصد کے حصول کے لئے ہر گونہ تعاون کر رہے ہیں۔

ملکی ترقی و خوشحالی کے لئے بیدار ذہن کا ہونا ضروری ہے جبکہ بیدار ذہن ایک صحت مند جسم کا مرہونِ منت ہے لہٰذا ادارے میں درس و تدریس کے ساتھ ساتھ طلباء کے جسمانی نشو و نما اور اُنکی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کے لئے یکساں توجہ دی جاتی ہے اور اس سلسلے میں محکمہ تعلیم نے مختلف کھیلوں کے لئے ادارے کو ہر طرح کی سہولیات فراہم کی ہیں۔

اگرچہ فٹ بال کو مکران کا روایتی کھیل سمجھا جاتا ہے۔ مگر کالج کے طلباء فٹ بال کے علاوہ کرکٹ، ہاکی، ٹیبل ٹینس اور والی بال بھی ذوق شوق سے کھیلتے ہیں۔ کالج کے بالمقابل فٹ بال گراؤنڈ ہے کہ جس میں ۵۰۰ افراد کے بیٹھنے کے لئے سیمنٹ سے تیار شدہ اسٹیڈیم بنایا گیا ہے۔ اور اس سے ملحق مغرب کی جانب کرکٹ گراؤنڈ ہے کہ جس پر ایک مضبوط اور پختہ پچ تعمیر کی گئی ہے۔ جب کہ دونوں ہاسٹلوں کے سامنے والی بال گراؤنڈ ہیں۔ کالج کے مختلف ٹیموں نے متعدد مرتبہ انٹر کالیجیٹ ٹورنامنٹ میں کالج کی نمائندگی کرتے ہوئے بہترین کھیلوں کا مظاہرہ کیا ہے۔

اکتوبر ۱۹۸۳ء میں ضلع پنجگور میں منعقدہ "آل بلوچستان ٹورنامنٹ" میں تربت کالج کی ٹیم صوبہ بھر کے کالجوں میں سے واحد کالج ٹیم تھی کہ جس کو اس ٹورنامنٹ میں حصہ لینے کی دعوت دی گئی اور شائقین فٹ بال نے ٹیم کے کھیل کو بے حد سراہا۔ اسی طرح ۱۹۸۴ء میں گورنمنٹ کالج سبی میں منعقدہ انٹر کالیجیٹ مقابلوں میں گورنمنٹ ڈگری کالج تربت کے فٹ بال، والی بال اور ٹیبل ٹینس کی ٹیموں نے شرکت کی اور بہترین کھیلوں کا مظاہرہ کیا۔

اساتذہ کو دلجمعی اور یکسوئی سے اپنے فرائض کی سرانجام دہی سے متعلق سہولیات فراہم کرنے کی خاطر حکومت نے ایک رہائشی کالونی بھی تعمیر کی ہے جو کالج کے جنوبی جانب واقع ہے۔ اور یہ کالونی ایک "پرنسپل لاج" کے علاوہ ۵ بنگلوں اور ۸ بیچلر کوارٹرز پر مشتمل ہے۔ کالج کالونی کے ان رہائشی عمارات نے ضلعی ہیڈ کوارٹر کی خوبصورتی میں اضافہ کیا ہے۔

جب ڈگری کالج تربت کے طلباء اور اسٹاف نے کالج کا مجلہ نکالنے کا پروگرام مرتب کیا تو علاقہ کے قدیم نام کو زندہ رکھنے اور بیتے دنوں کی یاد تازہ کرنے کی خاطر مجلّہ کا نام بھی "کیچ" تجویز کیا گیا۔ تاکہ اسی نسبت سے موجودہ نسل اپنے اسلاف کے کارہائے نمایاں سے واقفیت حاصل کرے اور انہی کی نقشِ قدم پر چل کر ملک و قوم کی ترقی میں اپنی ذمہ داریوں کو محسوس کرتے ہوئے انکو احسن طریقے سے نبھائے۔

چونکہ اس مجلہ کا مقصد طلباء میں فن تحریر اور خصوصاً طلباء کی تخلیقی صلاحیتوں کو اُجاگر کرنا ہے۔ اس بات کی کوشش کی گئی ہے کہ زیادہ سے زیادہ طلباء کی تحریکوں کو جگہ دی جائے۔ اگرچہ طلباء کے بعض مضامین افسانے، نظم اور غزل وغیرہ میں بہت سی فنی خرابیاں شدت سے محسوس ہونگی۔ ہم انکا اعتراف کرتے ہوئے معذرت خواہ ہیں لیکن اس عرض کے ساتھ کہ دوسرے مجلہ میں اس قسم کی غلطیوں کا کم سے کم اعادہ ہوگا۔

آخر میں اس مجلہ کی اشاعت پر ادارہ اساتذہ کرام اور طلبا کا شکر گذار ہے۔ ادارہ

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عمومی اداریہ

کیچ میگزین کیچ کے نام سے ماخوذ ہے جو کہ کیچ دریا کے دونوں اطراف پر اس کے وادی میں آباد مختلف قصبوں اور دیہاتوں پر مشتمل ہے اور پورے علاقے کو کیچ کہنے کیساتھ ساتھ خصوصی طور پہ موجودہ تربت کو بھی کیچ کہتے ہیں۔ اس طرح کیچ کا ایک تاریخی پس منظر ہے جس سے بہت سے تاریخی واقعات وابستہ ہیں۔

یہ ایک سرسبز اور شاداب وادی ہے۔ جس میں ہماری مادر علم گورنمنٹ ڈگری کالج واقع ہے۔ یہ کالج اپنے قیام سے لیکر آج تک متواتر علمی کام سر انجام دے رہا ہے۔ اس کے فارغ التحصیل ڈاکٹر، انجنیئر، ٹیچرز، پروفیسرز اور دیگر دفتری افسران اپنے اپنے میدانوں میں سرگرم عمل ہیں۔

مکران جو بلوچستان کے جنوب میں واقع ہے۔ ایک ایسا خوش قسمت خطہ رہا ہے۔ جس کے تعلقات قدیم و جدید ایران، عرب اور سندھ کیساتھ رہے ہیں۔ اور ان تعلقات کی بنیاد پر ان علاقوں کے درمیان آمد و رفت کا سلسلہ جاری رہتا تھا۔ جو کہ اب بھی جاری ہے اور جب کبھی قوموں کے درمیان مواصلاتی رابطے قائم ہوں تو قدرتی طور پر اس علاقے میں علمی، ثقافتی، اور تجارتی اثر و نفوذ کا ہونا ایک قدرتی امر ہو جاتا ہے۔ اس لیے مکران اس وقت بلوچستان کے تمام علاقوں سے بہتر علاقہ ہے جہاں تعلیم کے لحاظ سے بہتر حالات ہیں جس کی وجہ سے ثقافتی لحاظ سے بھی بہت سی جاہلی رسومات کا خاتمہ ہو چکا ہے۔

گورنمنٹ ڈگری کالج تربت کی خوش نصیبی رہی ہے کہ اس کے قیام سے لیکر آج تک اسے اچھے منتظم اور تجربہ کار پروفیسر اور اعلیٰ معیار کے شریف النفس پرنسپل صاحبان کی خدمات حاصل رہی ہیں۔ کالج کے بانی پرنسپل جناب ڈاکٹر غوری

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

کی کاوشیں ابھی تک کالج کے درو دیوار پر نقش ہیں۔
اور اسی طرح جناب پروفیسر واجہ غلام رسول خالد صاحب نے اپنی زیادہ تر علمی زندگی کا حصہ اس کالج کی خدمت کرتے ہوئے گذارا۔ ان کی پدرانہ شفقتیں ابھی تک طلباء کے دلوں میں جاگزیں ہیں جن کے لفظ "بیٹے" نے طلباء کو علم حاصل کرنے کے حوصلے دیئے۔ غرض آج بھی وہ بطور ناظمِ تعلیماتِ کالجز طلباء، اساتذہ اور عوام کیلئے یکساں پدرانہ شفقت رکھتے ہیں۔ پروفیسر غلام مصطفےٰ صاحب کالج کی علمی اور انتظامی امور میں سرگرم عمل ہے اور ان کے دور میں بھی کیچ میگزین کا پہلا شمارہ منظر شہود میں آیا۔ اور میاں محمد صدیق صاحب نے بھی کچھ عرصے کالج کی ابتدائی دور میں خدمت کی۔

پروفیسر سید غلام شبیر صاحب اس وقت کالج کی زندگی میں ایک روشن مینارہ بن کر کالج کیمپس کے علمی اور انتظامی امور میں ہر طرح مصروفِ عمل ہیں۔ ان کی کوششوں سے کالج سبزہ زار بن گیا ہے۔ تعمیرات کالج عمارت میں اضافہ کا باعث بنے ہیں۔ طلباء میں ان کی کوششوں سے علمی رغبت بڑھی ہے۔ اور کیچ کا یہ دوسرا شمارہ ان کی کوششوں کا نتیجہ ہے۔ ان کے علاوہ تعلیمی افسران بالا سیکرٹری تعلیم جناب پروفیسر محمد انور کھتران، جناب پروفیسر غلام رسول خالد صاحب کالج کی علمی ترقی میں بھی نظرِ التفات رکھتے ہیں۔

لیکن کسی علمی ادارہ کا کام صرف یہاں تک محدود نہیں ہوتا ہے۔ بلکہ علم ایک وسیع معنی اور سرگرمیوں کے دائرۂ عمل کا نام ہے۔ جو بنیادی طور پر علم سے جانکاری کے ہوتے ہیں۔ بلکہ ہر وہ عمل جس سے طلبا اور اساتذہ کے جانکاری میں اضافہ مقصود ہو وہ علمی معنی میں آتا ہے۔ چنانچہ کیچ کے اجراء سے طلباء اور اساتذہ نہ صرف دونوں کے علم میں اضافہ ہوتا ہے بلکہ قاری کو بھی اس کے مطالعے سے جانکاری کے مواقع حاصل ہونگے۔ بلکہ کالج میگزین کالج کے طلبا اور اساتذہ کی علمی سرگرمیوں کا پرتو ہوتا ہے۔ کہ اس ادارے میں کتنی علمی سرگرمی انجام پاتی ہے۔

کسی تعلیمی ادارے کے پانچ بنیادی ارکان (PILLARS) ہوتے ہیں جن میں نصاب اور نظام تعلیم، اساتذہ، طلباء، والدین، عمارت و سازوسامان تعلیم امورجاتِ تعلیم شامل ہوتے ہیں۔ الحمدللہ!
گورنمنٹ ڈگری کالج تربت اس وقت ان پانچوں ارکان کی بجا آوری میں بہتر حالت میں ہے۔ تاہم کچھ رکن درست حالت میں کام نہیں کررہے ہیں۔ جن میں نصاب اور نظام تعلیم سرِفہرست ہے جس طرح کہ طلباء کی تحریروں سے ظاہر ہوتا ہے کہ ہمارے نصاب اور نظام تعلیم میں وہ بنیادی خرابیاں اور خامیاں ہیں جن کے دور کئے بغیر بہتر تعلیم کی توقع نہیں کی جاسکتی۔ ہمارا نصاب تضادات کا شکار ہے۔ جس کی وجہ سے طلباء ذہنی انتشار میں پڑ کر تعلیم کو حاصل نہیں کرپاتے۔ جن سے اصولِ تعلیم بے معنی ہوکر رہ جاتی ہے۔ اس وقت ضرورت اس بات

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

کی ہے کہ نصابِ تعلیم کو از سرِ نو ترتیب دیکر جدید تقاضوں اور نظریاتی ہم آہنگی دی جائے اور اسی طرح طریقۂ امتحان بھی اس قدر نقل کیلئے آسانی پیدا کرتی ہے کہ طلباء کی مرکزِ نگاہ کلاس روم کے بجائے سال بھر امتحان حال کی طرف ہوتی ہے۔ جس سے تعلیمی ادارے اور امتحان منعقد کرنے والے ادارے ڈگریاں تقسیم کرنے والی فیکٹریاں بن کر رہ گئی ہیں۔ لکھنے والے طلباء اور طالبات کی تحریروں سے "نشہ" کی لعنت کے بارے میں آگاہی ہوتی ہے جو ہمارے معاشرے میں معاشرتی، اخلاقی اور اقتصادی ناسور کی حیثیت اختیار کر گئی ہے اور یہ بھی خدائے کریم کا شکر ہے کہ ہمارے نوجوانوں میں پہلے ذہنی اور اب پھر قلمی احساس ہونے لگا ہے اور امید کیجاتی ہے کہ وہ اگلے مرحلے میں عملی مظاہرہ کر کے ان لوگوں کا سایہ معاشرے پر پڑنے نہیں دیں گے۔ جو اس کاروبار میں ملوث ہیں۔ اور ان ذہنوں کو بھی تحریک دیں گے کہ نشہ اچھی چیز نہیں ہے۔ بُرے معاشرتی رسوم و رواج کا بھی اور طلباء اور طالبات کو احساس ہے اور انہوں نے اس بارے میں مضامین تحریر کئے ہیں۔ انشاء اللہ اس شعوری احساس کی بدولت معاشرتی خرابیوں کا خاتمہ یقینی ہو جائے گا کیونکہ یہی تحریر کرنے والے آگے چل کر مختلف میدانوں میں با اثر حلقوں میں پہنچ کر اپنے اپنے حلقہ ہائے اثر میں ان خرابیوں کو دور کرنے کی کوشش کریں گے۔

اسی طرح ہمارے طلباء میں مثبت ادب اور شاعری ہی کے ذریعے کسی معاشرے کے نظریاتی خدوخال درست ہو سکتے ہیں۔

بہرحال پروفیسر سید غلام شبیر صاحب کو اللہ تعالیٰ جزائے خیر دے جنہوں نے طلباء اور طالبات اور اساتذہ کو تحریر کا موقع میگزین کی شکل میں دیا تاکہ وہ اپنے اپنے مافی الضمیر کا اظہار کریں۔ اللہ ہم سب کا حامی و ناصر ہو۔ آمین۔

پروفیسر علی بخش دشتی۔

(بقیہ "نبوت محمدی کا ظہور")

قائم ہونے والی حقیقتیں ہیں مگر انسان کی نصیحت کے لئے اللہ نے اس کا ایک ابتدائی منظر اسی دنیا میں لوگوں کو دکھا دیا ہے۔

حقیقت یہ ہے کہ نبوت محمدی کا ظہور، خدا کی خدائی کا ظہور تھا۔ اسی لئے انجیل میں اس کو "خدا کی بادشاہت" سے تعبیر کیا گیا ہے۔ آپ کے لائے ہوئے انقلاب کی بلاشبہ سیاسی اور عمرانی اہمیت بھی ہے اور دوسری بہت سی اہمیتیں بھی۔ مگر اس کی سب سے بڑی اہمیت یہ ہے کہ وہ انسان کو خدا کے جلال کا مشاہدہ کراتا ہے۔ وہ خدا کی عدالت کا منظر دکھا رہا ہے اس نے ان حقیقتوں کو آخرت سے پہلے انسان کے سامنے بے نقاب کر دیا ہے جن کو انسان آخرت میں اپنے کلی شکل میں دیکھے گا۔

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اداریہ

یہ بات باعثِ فخر ہے کہ گورنمنٹ ڈگری کالج تربت (مکران ڈویژن) کے اساتذہ، طلباء اور لٹریری سوسائٹی کی مشترکہ کاوشوں کے بعد یہ ایک مختصر لیکن جامع ادبی، معلوماتی، تاریخی اور سائنسی مجلہ "کیچ" اب دوسری بار آپ کے ہاتھوں میں موجود ہے۔ اس بات کا تو آپ کو بخوبی علم ہے کہ کالجوں کے مجلے ہمیشہ نسلِ نو کی اپنی سوچ اور فکر کے اعلیٰ غماز ہوتے ہیں اور ان میں اپنے علاقے کی ثقافت اور رسم و رواج کو فروغ دینے کی کوشش کی جاتی ہے۔ چنانچہ ہمارا مقصدِ اولیٰ بھی یہی ہے کہ آپ خود بھی مکران کی نئی نسل کے افکار و خیالات اور جذبات و احساسات سے بخوبی آشنا ہو سکیں اور نوجوان نسل کی امنگوں کو سمجھنے میں بھی آسانی ہو سکے۔

معزز قارئین کرام! اس رنگارنگ مرقع میں اساتذہ کے ساتھ ساتھ طلباء کی اپنی نگارشات خصوصی توجہ کی طالب ہوں گی۔ چونکہ طالب علم کا نوخیز ذہن اپنی ہی دنیا میں مصروفِ عمل رہتا ہے اس لئے اس کی سوچ اور عمل کا پختہ ذہن سے مقابلہ نہیں کیا جا سکتا ہے۔ لہٰذا براہِ کرم آپ بھی مجلہ پر تنقیدی نظر ڈالتے وقت اس کی اپنی سطح تک ضرور آیئے گا۔ ورنہ انصاف ممکن نہ ہو سکے گا۔ اور ویسے عقلمند کے لئے اشارہ کافی ہوتا ہے۔

جنابِ عالی! یہ مجلہ تقریباً ۵ سال کے طویل عرصے کے بعد اب دوبارہ شائع کیا گیا ہے۔ یقیناً اس میں اساتذہ اور طلباء کے ساتھ ساتھ ہمارے موجودہ پرنسپل سید غلام شبیر صاحب کی ذاتی کوششوں کا بھی پورا پورا عمل دخل ہے۔ آپ کی ہدایات، خلوص و محبت اور ذاتی دلچسپی کے اظہار کے لئے الفاظ ڈھونڈنے سے بھی نہیں مل رہے۔ اس کے علاوہ اس مجلہ کی تیاری میں پروفیسر غنی پرواز صاحب نے جس طرح دلچسپی لی، دن رات ایک کر کے گلستانِ ادب میں سے اردو، بلوچی اور انگریزی مضامین کا چھان پھٹک کر کے نوک پلک درست کر کے اس مرقع میں شامل کئے ہیں، وہ آپ کو ضرور پسند آئیں گے اور ان کی محنتِ شاقہ کا رنگ چوکھا ہو جائیگا آخر میں اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ اس عظیم ادارے کی اس پُرخلوص کاوش کو سرفراز فرمائے (آمین)

مطیع الرحمٰن
پروفیسر گورنمنٹ ڈگری کالج تربت

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

نبوت محمدی کا ظہور

پروفیسر علی بخش دشتی

ایک طرف افریقہ اور دوسری طرف ایشیا اور یورپ کے وسط میں عرب کا جزیرہ نما قدیم آباد دنیا کا جغرافی قلب معلوم ہوتا ہے۔ مگر قدیم زمانہ کے سیاسی حوصلہ آزماؤں میں کوئی نہیں ملتا جس نے اس علاقہ کو اپنی سلطنت میں شامل کرنے کی کوشش کی ہو۔ تمام فوجیں مہمیں عرب کے سرحدی علاقوں۔ عراق، شام، فلسطین، لبنان اور یمن پر آکر ٹھہر گئیں۔ اس سے آگے نجد و حجاز کے علاقہ کو اپنی قلمرو میں شامل کرنے کی ضرورت انہوں نے نہیں سمجھی۔ کیونکہ تین طرف سے سمندروں سے گھرا ہونے کے باوجود یہاں ان کے لئے خشک پہاڑ اور اڑتی ہوئی ریت کے سوا اور کچھ موجود نہ تھا۔

اسی "بے آب وگیاہ" وادی کی مرکزی بستی مکہ میں پیغمبر اسلام محمد بن عبداللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) پیدا ہوئے۔ آپ کے والد عبداللہ بن عبدالمطلب آپ کی پیدائش سے چند ماہ پہلے انتقال کر گئے۔ والدہ کا انتقال بھی اس وقت ہو گیا جب کہ آپ کی عمر ابھی صرف چھ سال تھی۔ اب آپ کے سرپرست آپ کے دادا عبدالمطلب بن ہاشم تھے تاہم دو سال بعد وہ بھی اس دنیا سے چلے گئے۔ آخر عمر میں آپ کی سرپرستی آپ کے چچا ابو طالب بن عبدالمطلب کے حصہ میں آئی۔ مگر ہجرت کے تین سال پہلے، آپ کی زندگی کے مشکل ترین مرحلہ میں، ان کے لئے بھی موت کا پیغام آگیا۔

اگرچہ فطرت سے آپ نے بڑی شاندار شخصیت پائی تھی۔ بچپن میں آپ کو دیکھنے والے کہہ اٹھتے: "اس لڑکے کا مستقبل عظیم ہے"۔ جب بڑے ہوئے تو آپ کے شخصی رعب و وقار کا حال یہ تھا کہ حضرت علیؓ کے الفاظ میں: جو آپ کو پہلی بار دیکھتا مرعوب ہو جاتا، جو ساتھ بیٹھتا وہ آپ سے محبت کرنے لگتا۔ مگر چالیس سال کی عمر میں جب آپ نے دعوت نبوت کا آغاز کیا تو لوگوں کو آپ کا دعویٰ اتنا حقیر معلوم ہوا کہ انہوں نے کہا: دیکھو یہ فلاں دیہاتی کا لڑکا، وہ سمجھتا ہے کہ آسمان سے اس کو وحی آتی ہے۔

آپ کی دعوتی جدوجہد کی کل مدت صرف ۲۳ سال ہے۔ مگر اس انتہائی مختصر مدت میں عرب کے قبائل میں آپ نے ایسا انقلاب برپا کر دیا جس کی کوئی دوسری مثال انسانی تاریخ میں نہیں ملتی۔ اس انقلاب نے سو سال سے بھی کم عرصہ میں دنیا کی دو بڑی شہنشاہیتوں ساسانی سلطنت اور بازنطینی سلطنت کو زیر کر لیا اور ایک طرف عراق و ایران سے لے کر بخارا تک، دوسری طرف شام و فلسطین سے لے کر مصر اور پورے شمالی افریقہ تک کو فتح کر لیا۔ پھر یہ سیلاب مغربی سمت بڑھا اور ۷۱۱ء

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

میں جبرالٹر سے گزر کر اسپین اور پرتگال میں داخل ہو گیا۔ مغربی یورپ میں قافلہ اسلام کی پیش قدمی ۷۳۲ء میں شاہ فرانس کارٹل نے تور کے مقام پر روک دی۔ تاہم دو صدیوں تک یورپ کی صلیبی جنگوں اور اس کے بعد تاتاریوں کے بے پناہ حملوں کے باوجود پندرھویں صدی تک اس کو کوئی حقیقی نقصان نہیں پہنچا، جب کہ انہوں نے اپنے اندرونی اختلاف کی وجہ سے اسپین کو کھو دیا۔

اس کے بعد اسلام کی اندرونی طاقت نے ترکوں اور مغلوں کو کھڑا کیا۔ ترکوں نے ۱۴۵۳ میں قسطنطنیہ کو فتح کیا اور مشرقی یورپ میں یوگوسلاویہ تک پہنچ گئے۔ وائنا کے سامنے ۱۶۸۳ تک ایک ترک فوج موجود تھی۔ سولھویں صدی میں مغلوں نے برصغیر ہند اور افغانستان کے علاقہ میں اسلام کا اقتدار قائم کیا۔ تیرہ صدیوں کے بعد اس توسیع کا نتیجہ یہ ہے کہ آج دنیا کے تقریباً تمام حصوں میں مسلمان موجود ہیں۔ ایشیا اور افریقہ سے لے کر یورپ تک تقریباً چار درجن ممالک کا ایک مسلم علاقہ بن چکا ہے۔

یہ سب جو ہوا، اس ۲۳ سالہ عمل کا نتیجہ تھا جو پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم کی رہنمائی میں عرب میں انجام دیا گیا تھا۔ ۲۳ سال کی مدت میں ایک ایسا انقلاب آنا جو نہ صرف تاریخ انسانی میں دائمی طور پر ثبت ہو جائے بلکہ خود اپنی ایک مستقل تاریخ پیدا کرے، کسی انسان کے بس کی چیز نہیں۔ یہ ایک خدائی معاملہ تھا اور اسی نے اس کو انجام دیا۔ بدر کی فتح کے بعد جب مسلمان واپس ہوئے تو روحاء کے مقام پر کچھ لوگ ملے جنھوں نے ان کو فتح کی مبارک باد دی۔ سلمہ بن سلامہ نے جواب دیا: تم لوگ کس چیز کی مبارک باد دے رہے ہو۔ خدا کی قسم یہ تو گویا بندھے ہوئے اونٹ تھے جن کو ہم نے ذبح کر دیا۔

ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے خصوصی اہتمام سے پیشگی اس کے اسباب فراہم کر دیئے تھے۔ عرب کے خشک جغرافیہ میں ایک ایسی قوم جمع کر دی گئی جس میں صحرائی زندگی کے نتیجہ میں کردار کی صلابت غیر معمولی حد تک پائی جاتی تھی۔ وہ اقرار اور انکار کے درمیان کسی تیسری چیز کو نہ جانتے تھے۔ ان کے اندر وہ تمام فطری خصائص پوری طرح محفوظ تھے جو کسی تحریک کا مجاہد بننے کے لئے ضروری ہیں۔ پھر عرب کے جزیرہ نما کے گرد اس وقت کی دنیا کی دو سب سے بڑی سلطنتیں قائم کر دی گئی تھیں، بالکل فطری تھا کہ وہ اپنے پڑوس میں ایک نئی ابھرتی ہوئی طاقت کو برداشت نہ کریں اور اس کے خلاف جارحیت کا آغاز کر دیں۔ اس طرح ان کی جارحیت اہل اسلام کے لئے جواز فراہم کر دے کہ وہ دنیا کے اس سرے سے اُس سرے تک ملکوں کو فتح کرتے چلے جائیں کیونکہ عملاً اس وقت کی تقریباً تمام دنیا انھیں دونوں جارح قوموں کا علاقہ تھی۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ اسلام کی لڑائیاں دوسرے کے خلاف جارحیت نہیں تھیں۔ بلکہ یہ دوسروں کی جارحیت کا جواب تھا جو ہمیشہ تمام دنیا میں جائز سمجھا گیا ہے۔

اس طرح جو واقعات ظہور میں آئے۔ ان کی اہمیت صرف سیاسی نہ تھی۔ اس سے زیادہ بڑی بات

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

یہ تھی کہ اس انقلاب کے ذریعہ انسانی تاریخ کے بند دروازے کو کھول دینا مقصود تھا۔ اس کے ذریعہ وہ انقلاب آنا تھا جو دینِ حق کو ایک تاریخی حقیقت بنادے جو اس سے پہلے تاریخی واقعہ کی حیثیت حاصل کرنے سے محروم تھا۔ وہ پریس کا دور لے آئے جس کے بعد قرآن کی دائمی حفاظت کا انتظام ہو جائے۔ آزادی اور جمہوریت کا زمانہ آئے جو داعیانِ حق کے لئے حق کی اشاعت کی راہ سے تمام مصنوعی رکاوٹوں کو ہٹا دے۔ اس سے طبیعیاتی علوم کی وہ دریافتیں ظاہر ہوں جو دین کی صداقت کو عقلیاتی سطح پر مدلل و مبرہن کر دیں۔

اس انقلاب کا اس سے بھی اہم پہلو یہ ہے کہ نبی کے ذریعہ اللہ تعالیٰ نے قیامت سے پہلے قیامت کا منظر دکھایا۔ سچے لوگوں کو آپ کے ذریعہ غالب کر دیا گیا جو آخرت میں دائمی برتری حاصل کریں گے، اور بُرے لوگوں کو آپ کے ذریعہ مغلوب کر دیا گیا جو آخرت میں دائمی پستی اور مغلوبیت کا شکار رہیں گے۔

تاریخ کا یہ اندوہناک منظر ہے کہ خدا کے سچے پرستار یہاں ہمیشہ دبے اور پسے ہوئے نظر آتے ہیں، اور دولت اور اقتدار کو پوجنے والوں کو یہاں تفوق حاصل رہتا ہے۔ تمام انبیاء اور صلحاء کی تاریخ یہی بتاتی ہے۔ یہ صورت حال حقیقی صورت حال سے بالکل برعکس ہے۔ کیونکہ بالآخر جو ہونے والا ہے، وہ تو یہ کہ خدا اپنے پرستاروں کو دائمی عزت اور برتری عطا فرمائے گا اور جو لوگ اپنے نفس کی اور دنیا کی پوجا میں لگے رہے ان کو ہمیشہ کے لئے ذلت اور رسوائی میں دھکیل دے گا۔

یہ دنیا امتحان کی جگہ ہے۔ یہاں لوگوں کو موقع ہے کہ وہ جو چاہیں کریں۔ اس لئے یہاں خدا کسی کا ہاتھ نہیں پکڑتا۔ تاہم پیغمبر اسلام کے ذریعہ، کم از کم ایک بار، اس زمین پر وہ منظر ابتدائی شکل میں دکھا دیا گیا ہے جو کامل اور دائمی صورت میں آخرت میں سامنے آنے والا ہے۔ آپؐ کے ساتھی جن کا حال یہ تھا کہ ان کے گھروں کو اجاڑ دیا گیا، جن کے لئے زمین کو تنگ بنا دیا گیا، جن کی معاشیات تباہ کر دی گئیں، جن کو اس قدر خوف و ہراس میں مبتلا کیا گیا کہ ان کو ہر وقت یہ اندیشہ لگا رہتا کہ لوگ انھیں اچک لیں گے۔ ان کو عزت اور اقتدار کے تخت پر بٹھا دیا گیا۔ دوسری طرف قریش اور یہود، رومی اور ایرانی، یمنی اور غسانی جو دولت اور اقتدار کے گھمنڈ میں مبتلا تھے، ان کو ذلیل کر کے پستی کے گڑھے میں ڈال دیا گیا۔

ہر نبی جو خدا کی طرف سے آتا ہے، وہ زمین پر خدا کی عدالت ہوتا ہے۔ اس کی معرفت خدا اپنے ان فیصلوں سے لوگوں کو باخبر کرتا ہے جس کو وہ آخرت میں براہ راست خود سنانے والا ہے۔ مگر پیغمبر اسلام کے ذریعہ یہ عدالت الٰہی ایسی خصوصی شکل میں ظاہر ہوئی کہ وہ خود تاریخ انسانی کا جزو بن گئی۔ جس طرح بہت سے دوسرے انسانی تجربات تاریخی حقیقت کا درجہ اختیار کر چکے ہیں، اسی طرح یہ واقعہ بھی ایک تاریخی حقیقت کی حیثیت سے انسانی معلومات میں ثبت ہو چکا ہے کہ خدا اپنے متقی بندوں کو سرفراز کرتا ہے اور لوگ سرکشی اختیار کریں، ان کو ذلت و بربادی کے دائمی عذاب میں دھکیل دیتا ہے۔

جنت اور جہنم اگرچہ دوسری دنیائیں (باقی صفحہ ۱۱ پر)

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

افسانہ

یادوں کا آئینہ

غنی پرواز
اسسٹنٹ پروفیسر سیاسیات

وہ آئینہ دیکھتے ہی اُداس ہوگئی۔

"اف! میں کیا سے کیا بن گئی ہوں؟" اور یکلخت یادوں کے آئینے میں کھوکر، تھوڑی دیر کیلئے حال کی تلخیوں سے بے خبر ہوگئی۔

"بیٹی! شاہد کے والدین شاہد کیلئے تمہارا رشتہ مانگ رہے ہیں۔ تمہیں یہ رشتہ پسند ہے، کہ نہیں؟" ماں سرگوشی کے انداز میں، تنہائی میں، اُس سے پوچھ رہی تھی۔ اس پر وہ سچ مچ بے حد خوش ہوگئی تھی، کیونکہ وہ شاہد کو بچپن ہی سے پسند کرتی چلی آرہی تھی۔ اور اُسکے اندازے کیمطابق شاہد بھی اُسے پسند کرتا تھا۔ لیکن ماں کے سوال کا جواب دینے میں شرم حائل تھی۔ اس لئے وہ خاموشی سے گھر کے فرش کو تکتی رہی تھی۔

"کچھ تو بولو آمنہ بیٹی! شاہد کوئی غیر تو نہیں، تمہارا اپنا چچیرا بھائی ہے۔" ماں نے اُس کی پیٹھ تھپکتے ہوئے دوبارہ کہا۔

"ماں! آپ اور والد صاحب جیسے چاہیں، ویسے ہی کریں، مجھے کوئی اعتراض نہیں ہوگا۔" وہ بمشکل تمام بس اتنا کہہ سکی۔ لیکن اُس کے چہرے بشرے کی چمک دمک سے ماں اس کی پسندیدگی کا اندازہ بخوبی لگا رہی تھی۔

اس لئے، اس کے چند دن بعد، شاہد کیساتھ اُس کی منگنی ہوگئی۔ اور کوئی چھ ماہ بعد جب شاہد ایم بی بی ایس کے تیسرے پروفیشنل کے امتحان میں کامیاب ہوگیا، تو بڑی دھوم دھام کے ساتھ اُن کی شادی بھی ہوگئی۔

ہائے وہ کیسی صبح تھی۔

ناشتے سے فارغ ہوکر، وہ اور اُس کی ساس گھر کے صحن میں بیٹھے بات چیت میں مصروف تھیں، کہ ماسی گل خاتون پہنچ گئی۔ وہ کافی موٹی ہوچکی تھی، اور بیٹھنے میں اُسے دقت محسوس ہورہی تھی۔

"شاہد کی ماں! شاہد کوئٹہ میں ڈاکٹر لگ گیا ہے۔" خیریت پوچھنے کے ساتھ ہی اُس نے خبر دی۔

"تمہیں کس نے بتایا؟" شاہد کی ماں نے پُرمسرت لہجے میں پوچھا۔

"رات کو میرا بیٹا احمد کہہ رہا تھا کہ کل شام امام بخش کے ہوٹل میں لوگوں نے ذکر کیا ہے۔"

"اس کا مطلب یہ ہے کہ اب شاہد مکمل ڈاکٹر بن چکے ہیں" آمنہ کے دل میں پیدا ہونے والی مسرت مسکراہٹ کی صورت میں ظاہر ہوئی اور اسے اپنے دن پھرتے ہوئے نظر آنے لگے جو اب تک نہایت تنگ دستی میں گزر رہے تھے۔

"شاہد کے آنے کی خبر ہے کہ نہیں، کوئٹہ سے؟" شاہد کی ماں نے ماسی گل خاتون سے پوچھا۔

"احمد کہہ رہا تھا کہ لوگوں نے کہا ہے وہ فی الحال نہیں

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

آئیں گے۔ کیونکہ ....." وہ اپنا جملہ ادھورا چھوڑ کر کسی سوچ میں گم ہوگئی۔

"کیا بات ہے ماسی !؟" آمنہ نے بے قراری سے پوچھا۔

"بات تو پوری کرو۔" شاہد کی ماں نے اصرار کیا۔

"کیا بتاؤں بی بی جی !؟"

"جب تم نے بات شروع کی ہے تو اُسے مکمل کیوں نہیں کرتی ہو؟" شاہد کی ماں کو ایک انجانے خطرے کا احساس ہوا۔

"بی بی جی ! شاہد اپنی کسی ہم جماعت لیڈی ڈاکٹر سے شادی کرنے والے ہیں۔ کیونکہ اُن کا کہنا ہے کہ آمنہ بی بی ان پڑھ ہیں۔"

یہ منحوس خبر سُنتے ہی آمنہ کے سر پر جیسے آسمان ٹوٹ پڑا۔ اس آنکھوں میں ساری دنیا تاریک ہوگئی۔ اور اُسے کچھ بھی دکھائی نہ دیا، کچھ بھی سُنائی نہ دیا، سوائے ایک بات کے، جو اس کے کانوں میں برابر گونجتی رہی، اور ہتھوڑے برساتی رہی۔

"بی بی جی ! شاہد اپنی کسی ہم جماعت لیڈی ڈاکٹر سے شادی کرنے والے ہیں، کیونکہ اُن کا کہنا ہے کہ آمنہ بی بی اَن پڑھ ہیں۔" بات کے آخری حصّے کی گونج نے تو عمر بھر اُس کا پیچھا نہ چھوڑا۔

"آمنہ بی بی اَن پڑھ ہیں۔"

"آمنہ بی بی اَن پڑھ ہیں۔"

"آمنہ بی بی اَن پڑھ ہیں۔"

اور بعض اوقات اُسے یوں محسوس ہوتا جیسے یہ بات سُن سُن کر اس کے کانوں کے پردے پھٹ جائیں گے۔ اور وفورِ رنج و غم سے وہ پاگل ہوجائے گی۔

اچانک باہر سے کسی موٹر سائیکل کی گرجدار آواز آگئی اور وہ چونک اُٹھی۔ پھر وہ دوبارہ آئینہ دیکھنے لگی۔ اُسے اپنا چہرہ نظر آیا۔ چہرے پر گذشتہ بے شمار بُرے دنوں کے نقش ہائے یاد دکھائی دیئے۔ اور انہیں دیکھ کر ایک بار پھر وہ یادوں کے آئینے میں کھو گئی۔

شاہد نے دوسری شادی کے بعد اُس کی جانب سے اپنا منہ پھیرنا شروع کیا۔ شروع شروع میں کچھ عرصے تک کبھی کبھار اُسے کچھ نہ کچھ خرچ دیتا رہا۔ مگر آہستہ آہستہ اپنے ہاتھ کھینچ لئے۔ اس لئے وہ اپنی اکلوتی بچی کو لیکر مجبوراً اپنے والدین کے ہاں منتقل ہوگئی۔ جب تک والد زندہ رہے اور والدہ کی صحت اچھی رہی، تو اسے زیادہ تکلیف نہ ہوئی۔ لیکن چند سال بعد والد کا انتقال ہوا۔ اور پھر والدہ بیمار اور اپاہج ہوگئیں، تو اُس کے دکھوں کا حقیقی دور شروع ہوا۔ چونکہ وہ بھی اتفاق سے اپنے والدین کی اکلوتی اولاد تھی، اس لیے گھر کا پورا بوجھ اسی کے کندھوں پر آن گرا۔ وہ زنانہ کپڑوں پر کڑھائی، اور سلائی کے کام کر کے ان کے کرائے پر بڑی مشکل سے گھر کا کاروبار چلانے لگی۔

اب شاہد کی بے رُخی کو سترہ سال کا طویل عرصہ گزر چکا تھا۔ اس دوران میں وہ ماسی گُل خاتون کی کہی ہوئی بات کو بالکل نہ بھلا سکی۔ اور اُس کا آخری حصہ تو اسے کچھ زیادہ ہی پریشان کرتا رہا۔

"آمنہ بی بی اَن پڑھ ہیں۔"

"آمنہ بی بی اَن پڑھ ہیں۔"

(باقی صفحہ ۲۳ پر)

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

کمپیوٹر منزل بہ منزل

وہاب شوہاز ـــــ تھرڈ ایئر سائنس

الیکٹرانک کمپیوٹر موجودہ صدی کی وہ حیران کن ایجاد ہے جس نے اس دور کے مشینی آدمی کو جینے کا سلیقہ سکھا دیا ہے۔ تعلیم، بزنس، کھیل، سیاست غرض زندگی کا کوئی ایسا شعبہ نہیں جس میں اس ایجاد کا عمل دخل نہ ہو۔ دوسرے الفاظ میں کمپیوٹر ایک ایسی ہستی ہے جس کا انسان ہمیشہ سے نیاز مند رہا ہے۔ ایسی عظیم ایجاد کو ایجاد کرنے کے لئے یقیناً صدیاں لگ جاتی ہیں۔ اور یہ محض چند دنوں یا چند سالوں کا کام نہیں۔ تو آیئے اس کے آغاز وارتقاء کی طرف نظر دوڑاتے ہیں تاکہ ہمیں پتہ چلے کہ اس نے موجودہ صورت تک پہنچنے کے لئے کتنے روپ دھارے ہیں اور کیسے کیسے مراحل طے کئے ہیں۔

کمپیوٹر کی کہانی درحقیقت تختہ شمار یعنی اباکس سے شروع ہوتی ہے۔ تاہم باقاعدہ طور پر اس کا ارتقاء ۱۶۴۲ء سے شروع ہوتا ہے، جب مشہور ریاضی دان اور فلسفی پاسکل نے پہلی مرتبہ جمع، تفریق کرنے کی مشین ایجاد کی۔ اس کے بعد مختلف ادوار میں مختلف قسم کی مشینیں ایجاد ہوئیں جن میں جمع تفریق کے علاوہ ضرب، تقسیم اور جذر نکالنے کی صلاحیت بھی موجود تھی۔

۱۸۳۳ء سے ۱۸۷۱ء کے درمیان چارلس بابج نے اینالائیٹیکل انجن ایجاد کیا جس میں ان پٹ (IN PUT) آؤٹ پُٹ (OUT PUT) اور میموری اور پروسس کے حصے باقاعدہ موجود تھے یہ ایک مکمل کمپیوٹر تھا۔ بعدازاں ۱۹۳۹ء میں ایکن نے "مارک ون" کمپیوٹر پر کام شروع کیا جو ۱۹۴۶ء میں مکمل ہوا۔ یہ کمپیوٹر ۵۰ فٹ لمبا اور ۸ فٹ چوڑا تھا۔ یہ دنیا کا پہلا الیکٹرمیکینیکل کمپیوٹر تھا۔ "مارک ون" کے کچھ عرصہ بعد "انیاک" کمپیوٹر ایجاد ہوا جس میں ۱۸۰۰۰ ہزار ٹیوب استعمال کئے گئے تھے۔ یہ نہ صرف کافی جگہ گھیرتا تھا بلکہ انتہائی بجلی بھی صرف کرتا تھا۔ اسے دنیا کا پہلا باقاعدہ الیکٹرونک کمپیوٹر کا درجہ دیا گیا۔ یہ اتنا بڑا تھا کہ ایک کمرے کے برابر جگہ گھیرتا تھا۔ اس کی کارکردگی کو کنٹرول کرنے کے لئے متعدد ٹیکنیشنوں کی ضرورت پڑتی تھی۔ کچھ عرصہ بعد "جاوان نیومین" جو ایک ریاضی دان اور فلسفی تھے، اس نے یہ خیال پیش کیا کہ کمپیوٹر کی یادداشت میں ایک پروگرام ہو جو ہمیشہ وہاں رہے اور اس میں بنیادی عوامل پہلے سے محفوظ کئے جائیں۔ اسی خیال کے پیش نظر ۱۹۴۹ء میں کیمبرج یونیورسٹی (برطانیہ) نے "ایڈساک" کمپیوٹر بنایا۔ اس طریقے سے بنایا گیا یہ دنیا کا پہلا کمپیوٹر تھا۔ اس کے بعد کمپیوٹر مختلف مراحل اور ارتقاء کی منزلیں طے کرتا ہوا موجودہ صورت اختیار کر گیا جو ہمارے سامنے ہے۔

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

کمپیوٹر اندرونی طور پر برقی اشاروں کی مدد سے کام کرتا ہے جو روشنی کی رفتار (velocity of light) سے سفر کرتا ہے اس لئے اس کی رفتار بے انتہا تیز ہوتی ہے چونکہ کمپیوٹر ریاضیاتی منطق پر کام کرتا ہے اس لئے اس میں صحت اور درستگی درجۂ کمال تک ہوتی ہے مگر شرط یہ ہے کہ اسے درست معلومات اور احکامات مہیا کئے جائیں۔ ورنہ .... کمپیوٹر کی دنیا میں مشہور ہے Garbage in Garbage out اس کے علاوہ کمپیوٹر خودکار طریقوں سے کام کرتا ہے۔ اور اس میں بڑی تعداد میں معلومات محفوظ کی جاسکتی ہیں۔ تقریباً ۲۵۰ صفحات کی ایک کتاب بآسانی کمپیوٹر میں منتقل کی جاسکتی ہے۔ دی گئی معلومات کی روشنی میں کمپیوٹر فیصلے کرنے کی صلاحیت بھی رکھتا ہے۔ جو بالکل حقائق پر مبنی ہوتے ہیں اور غیر جانبدار بھی۔ اگر آپ ایک کام کمپیوٹر کو ۵۰ مرتبہ کرنے کو کہیں گے تو وہ اسی رفتار سے کرے گا جس رفتار سے اس نے مذکورہ کام پہلی مرتبہ کیا ہو۔

ان تمام خصوصیات کے باوجود کمپیوٹر کو کام کے لئے دو چیزوں کی ضرورت پڑتی ہے (۱) پروگرام اور (۲) خام معلومات۔ جن کے بغیر کمپیوٹر محض ایک بے جان مشین کے علاوہ اور کچھ نہیں۔

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

علم کی فضیلت

(ادارہ)

* —— علم ایک ایسا پودا ہے جس کو دل و دماغ کی زمین میں لگانے سے عقل کے پھول لگتے ہیں
* —— اگر تم نے اپنی اولاد کے لئے فقط دولت چھوڑی ہے تو جان لو کہ انھیں گمراہی اور پستی کا قیدی بنایا ہے۔ لیکن اگر علم دیا ہے تو گویا ان کو تمام قیدوں سے آزاد کرا دیا ہے۔
* —— ایک عالم میں ایک لاکھ جاہلوں کے برابر طاقت ہوتی ہے۔
* —— عالم کا ورثہ ہر ملک و ہر شہر میں ہے۔
* —— تعلیم ایک نور ہے، جس کا سایہ پڑتے ہی آدمی کے ارد گرد روشنی بکھر جاتا ہے۔
* عالم کا سونا جاہل کی عبادت سے بہتر ہے۔
* —— جس گھر میں ایک آدمی بیمار رہتا ہے سبھی گھر والے دکھی ہو جاتے ہیں، پس جس ملک میں اسّی فیصد باشندے جہالت کے مہلک مرض میں مبتلا ہوں وہ ملک کیسے خوشحال رہ سکتا ہے۔
* —— انسان علم کا بہت زیادہ بوجھ اٹھانے کے باوجود خود کو پھول کی طرح ہلکا اور سُبک محسوس کرتا ہے۔
* —— حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا قول ہے کہ جس نے مجھے ایک حرف کی بھی تعلیم دی اس نے مجھے اپنا غلام بنالیا
* —— جہاں سورج چڑھتا ہے وہاں رات بھی ضرور ہوتی ہے، جہاں علم کی روشنی ہو، وہاں جہالت کا اندھیرا کبھی آ نہیں سکتا۔
* —— چراغ جس طرح جلائے بغیر روشنی نہیں دیتا علم بھی بغیر عمل کے فائدہ نہیں پہنچاتا۔
* —— عالم بے عمل گدھ کی مانند ہے جو آسمان پر اُڑتا ہے مگر اس کی نظر زمین کی مُردار پر ہے
* —— دنیا میں سب سے بڑی بدبختی جہالت اور علم سے محرومی ہے
* —— دلوں کے لئے علم میں اسی طرح زندگی ہے جس طرح مینہ سے زمین زندہ ہو جاتی ہے۔

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

تعلیم نسواں

قرۃ العین
سیکنڈ ایئر پری میڈیکل

تعلیم نسواں سے مراد عورتوں کی تعلیم ہے۔ آج سے کچھ سال پیشتر عورتوں کی تعلیم پر کچھ توجہ نہیں دی جاتی تھی۔ اگرچہ موجودہ دور میں بھی بعض علاقوں میں عورتوں کی تعلیم معیوب سمجھی جاتی ہے۔ تاہم موجودہ دور میں عورتوں کی تعلیم کو زیادہ اہمیت حاصل ہو گئی ہے۔ کیونکہ آجکل عورتیں مردوں کے شانہ بشانہ بلکہ بعض شعبوں میں مردوں سے بھی آگے جا رہی ہیں۔ ویسے بھی ہمارے پیارے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ "علم حاصل کرنا ہر مسلمان مرد اور عورت پر لازم ہے" ایک اور جگہ فرمایا "علم دل کو اسی طرح زندہ کرتا جس طرح بارش خشک زمین کو"
ان خوبصورت ارشادگرامی سے علم کی اہمیت بہت واضح ہو جاتی ہے۔ علم ایک ایسی دولت ہے جس کی طاقت کبھی ختم نہیں ہوتی۔ علم ایک روشنی ہے جو ہمیں زندگی کے مقاصد سے روشناس کراتی ہے۔ علم ایک بصیرت ہے جس کے بغیر ہم آدمیت اور خدا کا صحیح ادراک نہیں کر سکتے ایسے ہی بہت سے فوائد کے بناء پر تعلیم عورتوں اور مردوں پر لازم قرار دی گئی ہے۔ پرانے زمانے میں لوگ لڑکیوں کو زندہ درگور کر دیتے تھے۔ عورت کو پاؤں کی جوتی سمجھتے تھے اور ان سے جانوروں جیسا سلوک کرتے تھے۔ لیکن اسلام اور علم نے ان کے تاریک ذہنوں کو روشن اور بیدار کیا۔ تب انہیں عورتوں کی تعلیم کا بھی احساس ہوا اور انہوں نے عورتوں کو تعلیم دلوانی شروع کر دی۔

موجودہ دور میں اچھا گھر ہی وہ سمجھا جاتا ہے۔ جہاں ماں باپ پڑھے لکھے ہوں اور اس طرح ان کے بچوں کی تربیت بھی صحیح اصولوں پر ہوتی ہے۔ ویسے اب تعلیم پہلے کی نسبت زیادہ آسان اور سستی ہو گئی ہے اور تعلیم کا اس دنیا میں اور اگلی دنیا میں کوئی نعم البدل نہیں ہو سکتا۔ ایک تعلیم یافتہ عورت ایک اچھی ماں، ایک اچھی بیٹی، ایک اچھی بہن، اور ایک اچھی بیوی ثابت ہو سکتی ہے نہ کہ جاہل عورت۔ اس ترقی یافتہ دور میں بھی کافی لوگ یہی سمجھتے ہیں کہ تعلیم ہی عورت کو گستاخ بے ادب، فضول خرچ، اور فیشن پرست بنا دیتی ہیں۔ حالانکہ حقیقت اس کے برعکس ہے۔ وہ یہ بھی خیال کرتے ہیں کہ تعلیم حاصل کرنے کا مقصد محض نوکری کرنا ہے۔ یہ بات بالکل بے بنیاد اور غلط ہے کیونکہ تعلیم کو عورت کا زیور اسی لیے کہا گیا ہے کہ تعلیم اسے سگھڑ، وفاشعار،

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

فرمانبردار اور مذہب کی پابند بناتی ہے۔ اور مشکل وقت میں اسی تعلیم کے سہارے وہ اپنی مسائل کر سکتی ہے۔ چونکہ ہمارا دین اسلام ایک مکمل ضابطۂ حیات ہے۔ اس لیے زیادہ تفصیلات کیلئے بھی علم کا حاصل کرنا لازمی امر ہے۔ کیونکہ ایک تعلیم یافتہ شخص دین کی باتوں اور اس کے مفہوم کو جاہل کی نسبت زیادہ اچھی طرح سمجھ سکتا ہے موجودہ دور میں مغربی ملکوں نے اس لیے شاندار ترقی کی ہے کہ وہاں مرد اور عورتیں شانہ بشانہ کام کر رہی ہیں۔

ہمارے ملک میں آبادی بھی بہت زیادہ ہے لیکن پھر بھی ہمارا شمار پسماندہ ممالک میں ہوتا ہے۔ کیونکہ یہاں عورتیں زیادہ تعلیم یافتہ نہیں ہیں۔

مولانا ظفر علیخان نے کیا خوب کہا ہے۔

خدا نے آج تک اس قوم کی حالت نہیں بدلی
نہ ہو جس کو خیال آپ اپنی حالت کے بدلنے کا

اس شعر سے ظاہر ہے کہ جب تک ہم خود کوشش نہیں کریں گے ہمارا ملک کبھی بھی ترقی نہیں کریگا۔ چونکہ ملک کی ترقی کا دارومدار ہر فرد پر ہوتا ہے۔ اسی لیے تمام فرسودہ نظریات کو ختم کر کے عورتوں کو بھی تعلیم دلوانی چاہیئے تاکہ وہ بھی ملک و قوم کی ترقی میں نمایاں کردار ادا کر سکیں۔ چنانچہ ان تمام باتوں سے ثابت ہوتا ہے کہ عورتوں کو تعلیم دلوانے سے فائدے ہی فائدے حاصل ہوتے ہیں۔ اس لیے ہماری بھرپور کوشش ہونی چاہیئے کہ طبقۂ نسواں کو تعلیم کی ترغیب دی جائے۔ اور حصول تعلیم کے مناسب مواقع فراہم کیے جائیں تاکہ وہ تعلیم حاصل کر کے دنیا اور آخرت میں سرخرو ہو سکیں۔

بقیہ "یادوں کا آئینہ"

"آمنہ بی بی ان پڑھ ہیں۔"

اچانک کسی نے دروازہ کھٹکھٹایا۔ اور وہ پھر چونک اٹھی۔ اس نے ایک بار پھر آئینے میں اپنا چہرہ دیکھا۔ اس کے چہرے پر طویل اور کٹھن دور کی شدید غربت اور سخت محنت کے آثار نمایاں تھے۔ اُس کی شکل مسخ ہو کر رہ گئی تھی۔ جوانی ختم ہو چکی تھی۔ بال سفید پڑ گئے تھے۔ جس پر ایک بار پھر وہ اداس ہو گئی۔ اسی اداسی کے عالم میں وہ اُٹھ کر دروازے تک گئی لیکن دروازہ کھولتے ہی اُس کی اداسی مسرت میں بدل گئی۔ کیوں کہ اس کی اکلوتی جوان بیٹی زاہدہ اُسے ایک خوشخبری سنا رہی تھی۔

"اماں! مجھے میڈیکل کی سیٹ مل گئی ہے، اس لئے اب میں ایم بی بی ایس کر کے ڈاکٹر بن جاؤں گی۔"

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

حُبُ الوطنی

خیر بی بی بلوچ
بی اے فائنل

وطن اُس خطۂ زمین کو کہتے ہیں، جہاں انسان اپنی زندگی کے شب و روز گزارتا ہے۔ وطن کی محبت انسانی فطرت میں داخل ہے۔ انسان جس سرزمین میں پیدا ہوتا ہے، پرورش پاتا ہے، اسے سرزمین کے دریا، پہاڑ، دشت وصحرا اور سبزہ زار غرض ہر چیز سے محبت ہوتی ہے۔ اور یہ محبت اس وقت بڑھ جاتی جب انسان وطن سے دُور پردیس میں ہو۔ وہاں جاکر وہ کتنا ہی خوشحال اور دولت مند کیوں نہ ہو مگر اسے اپنے وطن کی یاد آتی ہے۔ اِسی جذبے کی عکاسی کرتے ہوئے گل خان نصیرؔ نے کیا خوب کہا ہے کہ:۔

ہر چوں کہ بہبت وشّ وگہ ءِ ملک ءُ دیار
آبات ءُ جہاں جلّ ءُ مزن نام ءُ توار
شہد ءِ بتچنت جو ءُ لیکن پہ نصیرؔ
شُر تر چہ جہان انت "وطن ءِ حُشکیں دار"

یعنی دوسرے کا ملک چاہے کتنا ہی بڑا نامور اور خوبصورت ہو، چاہے اُس میں شہد کی ندیاں بہتی ہوں مگر ان سب سے اپنے وطن کی دشت وصحرا اور خشک لکڑیاں بہتر ہیں۔

وطن کی ترقی اہلِ وطن کی ترقی ہے۔ اور وطن کی تباہی اہلِ وطن کی تباہی ہے۔ اسی لیے حب الوطنی کا تقاضا ہے کہ انسان جس ملک میں رہتا ہو اس کی حفاظت کرنے اور ترقی کا جذبہ دل میں رکھے اور وقت آنے پر اس کیلئے جان ومال کی قربانی دینے سے دریغ نہ کرے۔

حقیقی حب الوطنی یہ ہے کہ ہر شخص اپنا فرض ایمانداری سے نبھائے چاہے وہ ملک کا صدر ہو یا کوئی خاکروب کیونکہ ایک ملک اس وقت تک ترقی نہیں کرسکتا جب تک اس کا ہر فرد اپنا فرض پورا نہ کرے۔

اگر کسی کو اللہ نے مال و دولت سے نوازا ہے تو وہ اپنے غریب بھائیوں کی مدد کرے اندرون ملک صنعتیں قائم کرے تاکہ ملک ترقی کرے اور غریبوں کو روزگار میسّر آئے۔ ایک استاد کا فرض ہے کہ وہ اپنے شاگردوں کو تعلیم کے ساتھ ساتھ اخلاقی درس بھی دے۔ ان کی ذہنی تعمیر کیساتھ ساتھ انکے کردار کی بھی تعمیر کرے۔ سرکاری افسر اور ملازم ایمانداری اور پابندی سے اپنا کام کریں اور رشوت جیسی لعنت سے دُور رہیں۔ طالب علم حصولِ علم کو اپنا مقصدِ حیات بنائیں۔ ہر قسم کی ہنگامہ آرائی سے دُور رہیں اور اپنی تمام طاقتیں ملکی استحکام کی خاطر وقف کردیں۔ اور حکّام اپنی تجوریاں بھرنے کی بجائے ملک و قوم کی بہتری کیلئے کام کریں۔ عوام کیلئے تعلیمی اور تفریحی ذرائع پیدا کریں اور ان کو روزگار فراہم کریں۔

الغرض ہر شخص اپنے اپنے دائرۂ عمل میں حب الوطنی کے جذبے سے سرشار ہو کر ملک وملّت کی بہتری کیلئے کام کرے تو وہ ملک ترقی کی راہ پر گامزن ہوسکتا ہے۔

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

سمی پرواز

سیکنڈ ایشوری ہائیڈ کل

وعدہ

بچوں ڈرامہ

کردار

فرید ــــــــــ اسکول کا ایک طالب علم
عارف ــــــــــ فرید کا ہم جماعت
امجد ــــــــــ فرید کا ہم جماعت اور دوست
اصغر ــــــــــ عارف کا دوست اور ہم جماعت
باجی ــــــــــ فرید کی بڑی بہن

(پہلا منظر)

فرید: "باجی! امی، ابو حج سے واپس کب آرہے ہیں"؟

باجی: "کیوں! تم کیوں پوچھ رہے ہو"۔

فرید: "یوں ہی! امجد کی امی نے پوچھا تھا"

باجی: اچھا تو تم خالہ کے گھر گئے تھے؟ کیسے تھے وہ لوگ"؟

فرید: جی ہاں باجی! گیا تھا وہ سب ٹھیک تھے"۔

باجی: "اگر پھر کبھی جانا ہوا تو امجد کی باجی ثمینہ کو میرا سلام کہنا اور بتا دینا کہ امی اور ابو حج سے اگلے ہفتے آرہے ہیں"۔

فرید: "اچھا باجی"

(دوسرا منظر)

(اسکول کے دسویں جماعت کے کمرے کا منظر ایک لڑکا اصغر آتا ہے اور کہتا ہے)

اصغر: (چلّاتے ہوئے) "تم لوگ کلاس میں بیٹھے ہو۔ باہر ایک بم پھٹ گیا ہے کیا تمہیں معلوم نہیں"؟

سارے لڑکے: (حیرت اور خوف سے) "کیا بم پھٹا ہے" (سب لڑکے ایک دوسرے پر گرتے پڑتے جماعت کے کمرے سے نکل جاتے ہیں)

(تیسرا منظر)

(دسویں جماعت کا منظر جو لڑکوں سے خالی ہے دسویں جماعت ہی کے دو طلباء عارف اور اصغر داخل ہوتے ہیں)

عارف: (کلاس میں داخل ہوتے ہوئے) "شاباش

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

صغر تم نے تو آج کمال ہی کر دیا یار ! اب جلدی سے فرید کی جیومیٹری بکس سے اسکی سونے کی انگوٹھی نکالو جلدی کرو ایسا نہ ہو کہ کوئی آجائے"

صغر : (انگوٹھی جیومیٹری سے نکالتے ہوئے) "یہ لو یار ! ...... اب چلو یہاں سے نکل بھاگیں اگر کوئی آگیا تو پکڑے جائیں گے"

عارف : (ہاتھ میں لیتے ہوئے) پورے دو تولے کا ٹکڑا ہے چھ ہزار روپے کا ...... "!

(چوتھا منظر)

امجد : "یار فرید ! آج تم پھر پریشان دکھائی دے رہے ہو کیا بات ہے ...."؟

فرید : ارے امجد ! آج پھر کسی نے میری گھڑی چرالی ہے"

امجد : (حیرت سے) کیا .... ؟ پرسوں انگوٹھی چرائی گئی اور آج گھڑی آخر یہ کیا چکر ہے"

فرید : پتہ نہیں چور کون ہے ہماری کلاس میں"

امجد : "اچھا فرید ! میں تو چلا بھیا میرا انتظار کر رہے ہونگے"

فرید : "اچھا .... خدا حافظ .... ارے امجد میں تو بھول ہی گیا باجی کہہ رہی تھی کہ امی ابو اگلے ہفتے آئیں گے خالہ جان کو بتا دینا، کیونکہ انہوں نے کل پوچھا تھا"

امجد : کہہ دوں گا .... اچھا خدا حافظ !

فرید : خدا حافظ

(پانچواں منظر)

(عارف اور اصغر اسکول کے گارڈن میں بیٹھے سگریٹ پی رہے ہیں)

عارف : (سگریٹ کے کش لگاتے ہوئے) "آہا ... ہا ... کس قدر خوشبودار سگریٹ ہے"

اصغر : .... عارف سگریٹ چھپا دو"

عارف : (نخرے سے) "ارے کیوں چھپا دوں"

اصغر : "دیکھو ..... دیکھو تو سہی فرید آرہا ہے"

عارف : کیا کرے گا وہ کیا وہ ہمیں مارے گا ؟"

اصغر : "ارے نہیں ....! ماسٹر صاحب کو بتا دے گا."

عارف : (بے خیالی میں) "ارے چھوڑو ..... ہاں یار وہ ماسٹر صاحب کو بتا دے گا چھپا دو اپنی سگریٹ میں نے اپنی چھپا دی ہے"

فرید : (نزدیک آتے ہوئے) ارے کیا حال چال ہیں؟ کیسے ہو تم لوگ" ؟

عارف : "ہم تو خیریت سے ہیں .... کہئے آپ کیسے ہیں" ؟

فرید : "میں تو ٹھیک ہوں .... لیکن آپ یہاں بیٹھے کیا کر رہے ہو" ؟

اصغر : ارے فرید ہم تو سوال یاد کر رہے ہیں. یہ دیکھو کاپی....

فرید : "یار ! اس دفعہ آپ اچھے نمبروں سے پاس ہونگے"

عارف : "ایسا ہی سمجھو ! ہم نے بہت تیاری کی ہے اور کر رہے ہیں. میٹرک کے امتحان ہیں نا اس لیئے"

فرید (اٹھتے ہوئے) اچھا دوستو پھر ملیں گے ... خدا حافظ

اصغر اور عارف (ایک ساتھ) خدا حافظ

(فرید کے جانے کے تھوڑی دیر بعد)

عارف : یار اصغر !.... آج کل تم بہت جھوٹ بولنے لگے ہو، ہم بھلا کبھی سوال یاد کرتے ہیں ناممکن"

اصغر : تو پھر کیا کہتا کہ ہم سگریٹ پی رہے ہیں"

عارف : اچھا ... اچھا اب سگریٹ مجھے دینا ایک کش

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

تو لگالوں"

(چھٹا منظر)

(فرید کے گھر کا منظر فرید کی بڑی بہن فرید سے)

باجی: "فرید...... لے فرید"

فرید: (کمرے میں داخل ہوتے ہوئے) "آیا باجی"

باجی: "فرید! لو یہ پیسے چاچا جمال کو دے آؤ اور کہو کہ راشن کے پیسے ہیں"

فرید: (پیسے لیتے ہوئے) "جی اچھا باجی"

فرید گھر سے نکلا تو راستے میں اصغر کو کہیں بیٹھے دیکھا)

اصغر: (فرید کو دیکھتے ہی روتے ہوئے) "فرید! آپ جانتے ہیں کہ میں غریب ہوں"......

فرید: "ہاں مجھے پتہ ہے کہ تم غریب ہو. لیکن تم روکیوں رہے ہو؟"

اصغر: (سسکیاں لیتے ہوئے) "میری چھوٹی بہن کو سخت بخار ہے جس کیلئے پیسوں کی ضرورت ہے.... اس لیے رو رہا ہوں...."

فرید: کتنے پیسوں کی ضرورت ہے تمہیں"

اصغر: "بس سو روپے کی....."

فرید: اچھا آنسو پونچھو اور یہ لو سو روپے"

اصغر: (آنسو پونچھ کر پیسے لیتے ہوئے) "فر... فرید کس منہ سے میں آپ کا شکریہ ادا کروں؟ آپکا بہت بہت شکریہ فرید بھائی....."

فرید: "کوئی بات نہیں.... مصیبت میں بھائی ہی دوسرے بھائی کے کام آسکتا ہے"

(فرید دوبارہ گھر جاتا ہے اور دروازہ کھولتا ہے)

باجی: (فرید کو دیکھ کر) "پیسے دے دیے"؟

فرید: "جی...... نہیں باجی! راستے میں مجھے اصغر ملا...... وہ کہہ رہا تھا کہ اس کی چھوٹی بہن سخت بیمار ہے اور علاج کیلئے سو روپے چاہئیں. میں نے وہ پیسے اصغر کو دے دیے"

باجی: "اچھا...؟.... کوئی بات نہیں.... یہ لو سو روپے چاچا جمال کو دے آؤ"

(ساتواں منظر)

عارف: "اصغر! فرید کے دیئے ہوئے سو روپے تو ختم ہو گئے جیب میں پھوٹی کوڑی بھی نہیں..... اب کیا کریں"؟

اصغر: "عارف! تم فکر نہ کرو میں کوئی طریقہ سوچوں گا"

عارف: سوچوں گا، سوچوں گا ہر وقت بس سوچتے ہو کرتے کچھ نہیں افلاطون کہیں کے"

اصغر: اگر سوچوں گا نہیں تو کیا پیسے خود بخود آئیں گے"

عارف: "میں تو کہتا ہوں کہ اپنی کاپی اور کتابیں کہیں نیلام

اصغر: کیا....؟ تمہیں امتحان نہیں دینا"

عارف: ارے اصغر.....! امتحان دیں گے لیکن نقل زندہ با

اصغر: "لیکن کریں گے کہاں سے...."؟

عارف: "اوہ.... ارے یار کتابوں کے بغیر نقل بھی نہیں ہو سکے اب کیا کریں..... سگریٹ کے نشے نے برا حال کر دیا ہے سر میں سخت درد ہو رہا ہے"

اصغر: بس کرو یار کچھ سوچنے بھی دو"

عارف: (اصغر سے کچھ دیر بعد) "اب بھی عقل میں کچھ نہیں ٹپکا..... افلاطون کے شاگرد..."

اصغر: "ارے عارف! فرید کی گھڑی اور انگوٹھی، اچھا

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

کا رومال اور جاپانی قلم ، ماسٹر صاحب کا چشمہ ، حامد کی اردو کی نئی کتاب ، برکت کا خوبصورت جیومیٹری بکس ...... ہم نے پہلے ہی چرا کر بیچ دیئے ہیں ۔ اب عقل میں خاک کوئی طریقہ آئے گا ؟ (پھر کچھ سوچتے ہوئے) اُو... اُو.... اُو..."

اصغر: (عارف سے) "یار ! ایک طریقہ میرے ذہن میں آرہا ہے ۔"

عارف: "کون سا" ؟

اصغر: "کچھ دن پہلے میں فرید کے بستے سے اس کا شیفر قلم نکال رہا تھا کہ وہ آگیا ۔ میں نے جلدی سے وہ قلم الماری کے اوپر پھینک دیا ۔ کیا یہ اچھا نہ ہوگا کہ ہم وہ سگریٹ خریدنے کیلئے حاصل کرلیں ؟"

عارف: "ارے ہاں یہ ٹھیک رہے گا ۔"

اصغر: "اچھا چلو ۔"

عارف: "چلو"

(دونوں کلاس روم کیطرف جانے لگتے ہیں)

(آٹھواں منظر)

(کلاس روم میں پہنچ کر اصغر الماری کے اوپر چڑھتا ہے لیکن پاؤں پھسلنے کی وجہ سے دھڑام سے عارف پر گرتا ہے جو الماری کے پاس کھڑا تھا ۔ دونوں کو چوٹیں آتی ہیں ۔ اور گرنے کی آواز کلاس سے باہر لڑکوں نے سن لی جس کی وجہ سے بہت سے لڑکے کلاس میں گھستے ہیں) لڑکوں کا شور ہوتا ہے)

فرید: "کیا ہوا ؟ کیا ہوا" ؟

امجد: "اصغر ! عارف ! آپ کو کیا ہوا ہے ۔"

عارف: "ہائے کمر... کمر میں سخت درد ہو رہا ہے ۔"

اصغر: "اف اللہ...... بازو دکھ رہا ہے"

فرید: (اصغر کے ہاتھ میں اپنا قلم دیکھ کر) "اصغر یہ تو میرا قلم ہے جو آپکے ہاتھ میں ہے ۔"

اصغر: ہاں فرید ......!

عارف: ہاں فرید ! یہ قلم آپ ہی کا ہے کچھ دن پہلے اصغر آپکے بستے سے نکال رہا تھا کہ تم آگئے تمہیں دیکھ کر اصغر نے یہ قلم الماری کے اوپر پھینک دیا تھا... دراصل ہمارے پاس چوری کے پیسے تھے جو آج سب ختم ہو گئے تھے لہذا ہم نے سوچا کیوں نہ اس قلم کو حاصل کرکے بیچ دیں لیکن افسوس ہم گر گئے ۔"

فرید" افسوس تو اس بات کا ہے کہ تم لوگ طالب علم ہو کر چوری کرتے ہو تمہیں شرم آنی چاہیئے ۔ ایسے طالب علموں کو تو مرنا چاہیے جو اپنے دوستوں اور ہم جماعتوں کی چیزیں چرا کر سگریٹ اور اسی طرح کی دوسری خراب چیزیں خریدتے ہیں ۔"

اصغر: (شرمندگی سے) ہاں فرید ہم مرنے کے لائق ہیں پہلے ہم نے اگر کوئی چوری کی یا جھوٹ بولا تو کسی نے ہمیں منع نہیں کیا جس سے ہمارا حوصلہ بڑھ گیا"

عارف: "ہاں ! اور اب ہم سمجھ گئے ہیں کہ یہ اچھے کام نہیں ہیں ان سے شرمندگی اُٹھانی پڑتی ہے اور بے عزتی ہوتی ہے ۔ اس لئے ہم وعدہ کرتے ہیں کہ آئندہ ایسے کام نہیں کریں گے ۔ تاکہ دوسرے طلباء اس سے متاثر نہ ہوں ۔"

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

عورت

بجمہ رزاق
سیکنڈ ایئر پری میڈیکل

○ عورت ایک عظیم ہستی ماں کے روپ میں ہے جس کے پاؤں تلے جنت ہے۔

○ عورت ایک بیوی کے روپ میں ہے جسکے دل میں خاوند کیلئے پیار ہی پیار ہے

○ عورت ایک بہن کے روپ میں ہے جس کی آنکھوں میں حیا ہے

○ عورت کائنات کی بیٹی ہے اس پر غصہ نہ کرو۔

○ عورت چاہے ظالم کیوں نہ ہو مگر عورت کا دل موم ہوتا ہے

○ جہاں عورت کا احترام ہوتا ہے وہاں خدا بھی خوش ہوتا ہے

○ عورت ایک محافظ ہے جو ہمیشہ اپنی آبرو کی حفاظت کرتی ہے۔

○ عورت ایک استاد ہے جو انسان کو محبت اور زندگی کا سبق سکھاتی ہے۔

○ عورت صرف گھر کی زینت ہی نہیں بلکہ گھر کی روح بھی ہے

○ عورت مرد کی غلام نہیں اس کی رفیق حیات ہے۔

○ عورت ایک راستہ ہے جس پر چل کر انسان اپنی منزل کو پالیتا ہے

○ عورت کو کمزور کہنا اس کی توہین ہے۔

○ عورت ایک مضبوط چٹان ہے۔

○ عورت اُس نرم نازک ٹہنی کی مانند ہے جو ایک معمولی جھونکے سے جھک تو جاتی ہے لیکن اسے طوفان بھی توڑ نہیں سکتا۔

ایک انمول حدیث قدسی

میمونہ میاں سیکنڈ ایئر پری میڈیکل

اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا۔

میں نے پانچ چیزوں کو پانچ چیزوں میں رکھ دیا ہے۔ لوگ انہیں دوسری چیزوں میں تلاش کرتے ہیں۔

_____ بھلا وہ کیسے پائیں گے۔

میں نے راحت کو جنت میں رکھ دیا ہے لوگ اسے دنیا میں تلاش کرتے ہیں۔

_____ بھلا وہ کیسے پائیں گے۔

میں نے علم و حکمت کو بھوک میں رکھ دیا ہے لوگ اسے سیری میں تلاش کرتے ہیں

_____ بھلا وہ کیسے پائیں گے۔

میں نے اطمینان و سکون کو قناعت میں رکھ دیا ہے۔ لوگ اسے دولت میں تلاش کرتے ہیں۔

_____ بھلا وہ کیسے پائیں گے۔

میں نے عزت کو اپنی اطاعت میں رکھ دیا ہے۔ لوگ اسے بڑے بڑے مرتبوں اور جھوٹے جاہ و جلال میں تلاش کرتے ہیں۔

_____ بھلا وہ کیسے پائیں گے۔

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

اقوال زرّیں

ثمینہ گل آزاد
سیکنڈ ائیر پری میڈیکل

① دنیا میں نیک کام کر کے مرجانا آب حیات پینے سے بہتر ہے
(نپولین بوناپارٹ)

② ہر مشکل انسان کا امتحان لینے آتی ہے۔
(افلاطون)

③ موت سے مت ڈرو، موت ہی اصل زندگی ہے۔
(ماوزے تنگ)

④ وقت خام مسالے کی مانند ہے جس سے جو چاہو بنالو
(امام غزالی)

⑤ آپ سیکھنا چاہیں تو آپ کی ہر غلطی کوئی سبق دے سکتی ہے۔
(ارسطو)

⑥ نیکی ذلت کی برائیوں سے بچالیتی ہے۔
(حضرت ابوبکر رضؓ)

⑦ ہر شے کا ایک حسن ہوتا ہے اور نیکی کا حسن یہ ہے کہ فوراً کیجائے۔
(حضرت عمر فاروقؓ)

⑧ تعجب ہے اس پر جو شیطان کو دشمن سمجھتا ہے اور پھر اس کی اطاعت کرتا ہے۔
(حضرت عثمان رضؓ)

⑨ بڑا احمق وہ ہے۔ جو دوسروں کی برائیوں کو بُرا سمجھے اور خود ان پر جما ہوا ہو۔
(حضرت علیؓ)

⑩ بدترین شخص وہ ہے جو توبہ کی اُمید پہ گناہ کرتا ہے۔ اور زندگی کی اُمید پر توبہ۔
(شقیق بلخی)

⑪ جو آدمی جتنا زیادہ بولتا ہے۔ اتنا ہی زیادہ کم عقل ہوتا ہے۔
(خلیل جبران)

⑫ تین چیزیں انسان کو تباہ کر دیتی ہیں۔ حرص، حسد اور غرور۔
(امام غزالی)

⑬ جو توقع تم دوسروں سے کرتے ہو پہلے خود اس کی تکمیل کرو۔
(حسن بصری)

⑭ اگر آدمیت مطلوب ہے تو بنی آدم کا احترام کرو۔
(علامہ اقبال)

⑮ زندگی کو غنیمت جانو، یہ عنقریب تم سے لی جائیگی۔
(مولانا فاروقی)

دولت

زرینہ بلوچ
سیکنڈ ائیر پری میڈیکل

دولت سے خوشامد خریدی جاسکتی ہے محبت نہیں۔
دولت سے دوا خریدی جاسکتی ہے صحت نہیں۔
دولت سے عینک خریدی جاسکتی ہے بینائی نہیں۔
دولت سے لڑکا خریدا جاسکتا ہے بیٹا نہیں۔
دولت سے زیور خریدا جاسکتا ہے حسن نہیں۔
دولت سے دنیا خریدی جاسکتی ہے آخرت نہیں۔
دولت سے جسمانی راحت خریدی جاسکتی ہے روحانی مسرت نہیں۔

آنسو

اگر بیوی کی آنکھوں سے گریں تو سمجھ لو شوہر کی جیب خالی ہوگئی ہے۔
اگر باپ کی آنکھ سے گریں تو سمجھ لو اولاد جوان ہوگئی ہے۔
اگر ماں کی آنکھ سے گریں تو سمجھ لو بہو جھگڑالو یا بیٹا نکما ہے۔
اگر بہن کی آنکھ سے گریں تو سمجھ لو کہ میکہ چھوٹا یا سسرال بڑی ہے۔
اگر بھائی کی آنکھ سے گریں تو سمجھ لو غیرت جوان ہوگئی ہے۔
اگر پرائی آنکھوں سے گریں تو سمجھ لو محبت امر ہوگئی ہے۔

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

محراب بلوچ
بی اے فائنل

زبان

کسی بھی علمی مسئلے کا حل تلاش کرنے سے پہلے اس کی حدود اور وسعت کا صحیح اندازہ کرنا ضروری ہے۔ اس میں ایسی باضابطگی ہونی چاہیے کہ اضافی نقطہ ہائے نظر کا امکان کم سے کم رہ جائے۔

ہماری روزمرہ زندگی میں زبان جو اہم کردار ادا کرتی ہے اس کے لیے ضروری ہے کہ ہم اس کے بنیادی اصولوں کو سمجھنے کی کوشش کریں۔ آج لسانیات نے ایک علم کی شکل اختیار کی ہے۔ آج اصوات، ارکان، الفاظ محاورہ اور فقروں کا معروضی تجزیہ زیادہ سے زیادہ مرکز توجہ بنا ہوا ہے۔ زبان کا مطالعہ اپنے دامن میں بہت سے علوم کو سمیٹے ہوتے ہے۔ زبانیات کے اخذ کردہ نتائج آج انسانی تاریخ، ثقافت، نسلی رشتوں کی تاریخ اور خود انسان کو سمجھنے کیلئے بہت کارآمد ہیں۔

یقیناً زبان بنی بنائی صورت میں انسان کو نہیں ملی بلکہ وہ انسان کی سالہا سال کی تجرباتی کوششوں سے وجود میں آنے والی بولنے کے روایات کے نسل در نسل منتقل ہوتے رہنے کا نتیجہ ہے۔ اس کی تراش خراش، کے دامن میں تہذیبی سفر، نفسیاتی کرشموں اور سیاسی اور معاشی نشیب و فراز کی داستانیں بھی ہیں۔ آج جو کچھ بھی ہم بولتے ہیں اس کا ایک ایک لفظ، لفظوں کی ترتیب اور ان سب کی موجودہ حیثیت گوناگوں تبدیلیوں کا نتیجہ ہے۔ اس کے ماضی میں جو تغیرات پیدا ہوتے خواہ ان کی وجہ کچھ بھی ہو، انہی تغیرات کی وجہ سے زبان نے موجودہ روپ دھارا۔ لیکن تبدیلیوں کا سلسلہ یہیں پر ختم نہیں ہوتا مستقبل میں اپنی تبدیلیوں کی وجہ سے نہ جانیں زبان کو کتنی کروٹیں اور بدلنی پڑیں۔ یہ بھی ممکن ہے کہ لسانی دھارا رک جائے اور اسے آہستہ آہستہ معدوم ہونا پڑے۔ لیکن پھر بھی زبان کی اپنی کوئی مادی حیثیت نہیں ہے کہ وہ پیدا ہو جائے اور فنا ہو جائے۔

ارسطو نے کہا تھا کہ انسان ایک سماجی حیوان ہے لیکن آگے چل کر مفکرین نے واضح طور پر ارسطو سے اختلاف کیا کیونکہ ان مفکرین کے نزدیک زبان انسان کو حیوان سے افضل بناتی ہے۔ ان کے خیال میں اگر

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

زبان نہ ہوتی تو یقیناً انسان سماجی حیوان کہلاتا۔

یقیناً زبان کے بغیر انسان کا تصور ہی نہیں کیا جاسکتا۔ لیکن انسان فطرت کا جواب دینے اور فطرت کی اندھی طاقتوں کا مقابلہ کرنے کے ساتھ ساتھ جو اخلاقی اور مادی اور ذہنی کوششیں کرتا رہا ہے اُن کے نتیجے میں نہ صرف زبان میں رد و بدل ہوتا رہا ہے بلکہ وہ خود بھی بدلتا رہا ہے! اور روایات وجود میں آتی رہی ہیں۔ جو ثقافت، فن، زبان اور علم کی صورت میں ابھرتی رہی ہیں۔ کیونکہ بہت سی بولیاں ایسی ہیں جواب صرف کتبوں اور کتابوں میں ہی نظر آتی ہیں۔ وہ نطق اور سماعت دونوں ہی سے محروم ہو چکی ہیں۔ یقیناً وہ بھی کسی زمانے میں بولنے اور سننے کی مرہونِ منت رہ چکی ہونگی۔ لیکن استعارتاً اب انہیں مردہ زبانیں ہی کہا جاتا ہے۔ (مردہ اسلئے کہ اب وہ کسی کی مطلب برآری نہیں کرسکتیں۔)

زبان ایک سماجی ورثہ ہے۔ سماج ہی کی بولنے والے عمّال سے ورثہ نہ صرف محفوظ رہتا ہے بلکہ اس میں کاٹ چھانٹ بھی ہوتا ہے اور اضافہ بھی۔ یہ سب افراد ہی کی وساطت سے ہوتا ہے۔ زبان کا ہر لفظ کسی نہ کسی فرد کی بدولت وجود میں آتا ہے۔ لیکن میں سمجھتا ہوں کہ یہ اضافے سرمایۂ زبان کو بڑھانے کی نیت سے نہیں کیے جاتے بلکہ افراد اپنی ضروریات پوری کرنے کے لیے جب سرمایۂ زبان کو ناکافی سمجھتے ہیں وہ ایک نیا لفظ گھڑ لیتے ہیں۔ اگر کسی نئے لفظ سے ان کی ضرورت پوری ہو سکتی ہے تو آہستہ آہستہ یہ لفظ عام ہو جاتا ہے

لیکن اگر نیا لفظ اظہار کا حق ادا نہیں کر پاتا تو وہ جنم لیتے ہی مر جاتا ہے۔ لسانیات کی تاریخ میں زبان کا مسئلہ اکثر و بیشتر زیرِ بحث رہتا ہے۔ جتنی اس موضوع کو اہمیت دی گئی شاید ہی کسی اور موضوع کو ملی ہو لیکن پھر بھی یہ غیر معمولی تحقیق کچھ خاص قابلِ ذکر نہیں ہے۔ اس کا بیشتر حصہ مفروضات پر مشتمل ہے۔ کبھی کبھی اس مسئلے کو حدیث اور آیات کی حیثیت بھی دی جاتی رہی ہے۔ اس لیے ایک زمانے میں بہت سے سنجیدہ ماہر لسانیات اس موضوع کو غیر واضح سمجھتے تھے۔ فرانس کے ایک ادارہ "سوسائٹی ڈائنگوسٹک" نے اس موضوع پر اظہار رائے اور بحث کو ممنوع قرار دیا لیکن ستم یہ ہوا کہ اس سوسائٹی کے بہت سے ماہرین نے اسی موضوع پر دھڑا دھڑ مضامین اور کتابیں لکھیں

غرض پھر بھی زبان کا مسئلہ متنازعہ رہا اور اس ضمن میں مندرجہ ذیل نظریے منظرِ عام پر آئے

اختراعی نظریہ جس کی رو سے زبان انسان کا تخلیقی عمل ہے۔

حادثاتی نظریہ جس کی رو سے زبان کا آغاز محض ایک اتفاق ہے۔

نظریۂ ارتقاء جس کے تحت آغازِ زبان کے تولیدی نظریے وجود میں آئے جن میں زبان کی ابتدائی صورتوں کی تشکیلِ نو اور بچوں اور جانوروں کی نفسیات سے اخذ شدہ مواد کی مدد سے لسانی کڑیوں کی فراہمی پر خصوصی توجہ دی گئی ہے

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

علم کی اہمیت و افادیت

طاہر حکیم
سیکنڈ ائیر پری میڈیکل

اس پر آشوب اور سائنٹیفک دور میں کسی بھی ذی شعور انسان کو علم کی اہمیت و افادیت سے انکار ہو نہیں سکتا کیونکہ انسان علم ہی سے اپنے گرد و پیش کی دنیا کا مطالعہ کرتا ہے اور اس کی نشو و نما کے قوانین سے واقف ہوتا ہے اور وہ علم کے نتائج سے اپنی عملی سرگرمیوں میں اضافہ کرتا ہے اور علم نہ صرف انسان کو اس قابل بناتا ہے کہ وہ صحیح عمل کر سکیں بلکہ مستقبل کی پیشگوئی اور کئی سال پہلے سے عملی سرگرمیوں کی سائنسی انداز میں تجزیہ و تحلیل کرنے کی راہ بھی دکھاتا ہے۔ علم کے بغیر نہ ایک بہتر سماج کی تشکیل و تعمیر ہو سکتی ہے اور نہ ہی ایک بہتر اور عظیم انسان کا جنم کیونکہ علم و آگہی، تعلیم و تربیت ہی انسان کی شخصیت کے ذہنی، جسمانی، روحانی اور نفسیاتی غرض تمام پہلوؤں کو جلا بخشتی ہے ان پہلوؤں کی متوازن پرورش اور نشو و نما سے انسان کی شخصیت کی تعمیر ہوتی ہے جو زندگی میں اس کی کامیابی اور معاشرے میں جائز مقام دلانے کی ضامن بنتی ہے ایک مفکر کا قول ہے کہ علم کے بغیر انسان اندھے کی مانند ہے۔ بے شک انسان علم و ہنر اور منطق کے بغیر کبھی بھی ترقی اور ارتقاء کی بلندیوں تک نہیں پہنچ سکتا۔ جو نسخہ جو ہمارا مولا نے بنی نوع انسان کو ایک بہتر اور خوشحال اور شاندار مستقبل کی تعمیر و تشکیل میں مدد ملتا ہے۔ وہ علم و آگہی ہے۔ اور یہ علم ہی کے مضبوط ہاتھ اور بلند سوچ، خیالات اور افکار ہیں کہ جنہیں آسمان کی وسعتوں کو پار کیا اور زمین کے سینے کو چیر کر انسانیت کو ترقی، ارتقاء اور عروج کی بلندیوں تک پہنچایا آج اگر ہم ترقی یافتہ ممالک کو دیکھیں وہ ترقی کے جس سائنسی دور اور مرحلے سے گذر رہے ہیں۔ یہ علم کی بدولت ہے گو کہ ہمارے پاس تعلیم جن بنیادوں پر قائم ہے وہ موجودہ سائنسی اور برق رفتار دور کی ضروریات کے تقاضوں اور لوازمات کے مطابق نہیں ہے لیکن جو نظام تعلیم یا جو علم و آگہی موجود ہے کم از کم انہیں تو حاصل کرنے کیلئے خود کو ذہنی طور تیار کرنے کی ضرورت ہے۔ کیونکہ جب تک ہم اس علم اور تعلیم کو اپنے اندر جذب نہیں کریں گے تو ہم کبھی بھی ایک بہتر اور خوبصورت نظام تعلیم تشکیل نہیں دے سکتے اور یہ زندگی کا اصول ہے کہ ہر نئی ترقی کسی دوسری ترقی کے لیے راہ ہموار کرتی ہے۔

ایک دانشور کا قول ہے کہ ہمارے بنیادی دشمنوں میں سے ایک دشمن ناخواندگی ہے۔ جب

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

تک ہم اسے جڑ سے ختم نہیں کریں گے تو ہمیں ذلت کی زندگی اور اس زندگی کے مسائل، مصائب اور مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا تو ان تمام مسائل اور مشکلات سے بچنے کیلئے اور ایک بہتر اور شاندار مستقبل کی پرورش نشوونما اور ترقی کیلئے ضروری ہے کہ ہم علم و آگہی کے بلند ہاتھوں کو مضبوطی سے تھامیں۔ کیونکہ تعلیم و تربیت علم و آگہی، ذہانت، شعور اور چیزوں کا ادراک حاصل کرنے کی صلاحیت ہی ایک بہتر مستقبل کی ضمانت ثابت ہو سکتی ہے اور ہمیں ان تاریکیوں سے صرف سائنسی علوم و فنون باہر نکال کر اس طلوع آفتاب کی نوید سنا سکتی ہے۔ جو ایک بہتر خوشحال اور ایک خوبصورت زندگی کے آغاز کا دن ہوگا۔

یہ موجودہ دور سائنس اور ٹیکنالوجیکل تغیرات کا دور ہے۔ یہ دور ہمیں پرانے اور فرسودہ خیالات اور افکار کو ملیامیٹ کرنے، اور ایک نئی زندگی اور نئے مستقبل کی نوید سنا رہا ہے لہٰذا ہمیں چاہئے کہ ہم اس مستقبل کے لیے محنت اور جد و جہد کریں جہاں سائنس اور ٹیکنالوجی کا راج ہو۔ جہاں علم کی روشنی کی شمعیں جلتی رہیں۔ اجہاں انسان انسان بن کر جیئے جہاں انسانی ضروریاتِ زندگی ہر ایک کو میسر ہوں۔ تو اس مستقبل اور اس خوبصورت زندگی کیلئے جو چیز اور جو مواد آج درکار ہے وہ ہے "علم" حاصل کرنا۔ لہٰذا ہمارے حصولِ علم کے سفر کو ہمیشہ علم و آگہی کی منزلوں کی طرف جاری و ساری رہنا چاہیئے۔

بقیہ "موجودہ معیارِ تعلیم"

یہ یقین پہلے سے ہوتا ہے کہ وہ امتحان میں نقل کر کے اور سفارش سے اپنے آپ کو پاس کروا لے گا۔

دوسری بات ! ہمارے نصاب کو اتنا طویل بنایا جاتا ہے کہ کسی طالب علم کا جب پہلی مرتبہ اس کتاب سے سامنا ہو جاتا ہے۔ تو طالب علم وہیں ہمت ہار بیٹھتا ہے کہ اس قدر موٹی کتاب سات آٹھ مہینے میں کس طرح ختم ہو سکتی ہے۔ ویسے ہمارے ہاں (مکران میں) طلبہ کو اتنی موٹی کتاب دیکھ کر ذرا بھی حیرت نہیں ہوتی۔ بھئی حیرت کیوں نہیں ہوتی؟ وہ اس لیے کہ جس طرح وہ پہلی جماعت سے نقل کرتے کرتے انٹرمیڈیٹ تک آ پہنچا ہے تو یہاں بھی وہ کچھ نہ کچھ چکر ضرور چلائے گا۔ آخر میں آپ طالب علم بھائیوں سے ایک التجا ہے کہ نقل اور سفارش کے سہارے مت بیٹھیں۔ بلکہ خوب دل لگا کر پڑھیں کیونکہ آپ مستقبل کے معمار ہیں کل آپ کو ملک و قوم کی باگ ڈور سنبھالنی ہے۔ علم کی روشنی سے روشناس ہونے کے بعد نہ صرف اپنے قوم و ملک کے لیے کام کریں گے بلکہ آپ کو سوسائٹی میں ایک باعزت مقام حاصل ہوگا۔ لہٰذا آج آپ جس عمر (تعلیمی عمر) سے گذر رہے ہیں یہی آپ کے سیکھنے کا زمانہ ہے اگر آپ کو زندگی میں کچھ سیکھنا ہے یا ایک کامیاب انسان بننے کا آپ کے دل میں خیال ہے تو آپ کو ابھی سے اس کے لیے محنت کرنی چاہیئے کیونکہ یہ وقت پھر واپس کبھی نہیں آنیوالا ہے لہٰذا خوب محنت کر کے پڑھیے اور تعلیم کی روشنی سے اپنی شخصیت کی تعمیر و تشکیل کے لیے بھرپور فائدہ اٹھائیے۔

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

نعمت اللہ کامران
سیکنڈ ایئر بی انجینئرنگ

موجودہ معیارِ تعلیم

آج ہمارا جو تعلیمی نظام ہے وہ ناقابلِ دید ہے۔ اس بگڑتے ہوئے تعلیمی نظام کا ذمہ دار ایک فرد کو نہیں ٹھہرایا جا سکتا۔ ایک ہونہار طالب علم کی اپنی پڑھائی میں کیسے حوصلہ شکنی ہوتی ہے اور اسے کس طرح اپنی تعلیم کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے سے پہلے ہی چھوڑنا پڑتا ہے۔ اب ہر پڑھنے والے کے ذہن میں یہ سوال ابھر رہا ہوگا کہ وہ کون سی یا کیا وجوہات ہیں جو ایک ہونہار طالب علم کے تیز ذہن کو منتشر کر دیتی ہیں۔

ایک اچھے طالب علم کی بگاڑ کا پہلا سبب اگر ہم نقل کو قرار دیں تو میرے خیال میں ایک حد تک اپنی اسی بات پر درست رہوں گا۔ آج جس طرح نقل کا رجحان بڑھتا جا رہا ہے اس کی جتنی مخالفت کی جاتے، کم ہے۔ اسی نقل کی آس پہ ہمارے طلباء کی ایک کثیر تعداد اپنی پڑھائی پر توجہ نہیں دیتی۔ مگر کچھ پڑھنے والے طلبہ بھی ان میں ہیں اور ان طلبہ کی پڑھائی بھی نقل کی وجہ سے کمزور ہوتی جا رہی ہے۔ یہی لڑکے جب امتحان میں باقی نقّال طلبہ کو دیکھتے ہیں۔ تو وہ بھی نقل کرنے پر آمادہ ہوتے ہیں۔ اور اسی طرح وہ امتحانات میں اپنی خداداد صلاحیتوں کو بروئے کار نہیں لا سکتے۔

اب سفارش کا تعارف بھی سنتے جائیے۔ اگر آپ کا تعلق کسی اونچے گھرانے سے ہے تو آپ کو امتحان میں کسی بھی قسم کی فکر و غم کی ضرورت نہیں ہوگی۔ بلاشبہ اگر آپ کے تمام پیپر نامکمل یا خراب ہو چکے ہیں تو آپ کو صرف اتنی زحمت اٹھانی پڑے گی کہ اپنے کسی آدمی سے صرف اتنا کہہ دیں کہ میرے پیپر خراب ہو گئے ہیں اور مجھے نمبر لینے ہیں۔ صرف یہی دو فقرے کہنے سے وہ آپ کو امتیازی نمبروں سے پاس کروائے گا۔ اس کے بالکل برعکس اگر آپ کا تعلق نچلے طبقے سے ہے تو یہی سمجھ لیجیے کہ آپ تعلیمی میدان میں دو قدم پیچھے رہ گئے۔ ظاہری بات ہے کہ غریب کی کوئی سفارش کرتا ہی نہیں۔

ابھی یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ کسی غریب یا کمزور طالب علم کی سفارش نہیں ہو سکتی تو اسے چاہیے کہ وہ دل لگا کر پڑھے اور اپنی پوری توجہ پڑھائی پر مبذول کرے۔ تو ظاہر بات ہے اگر کسی آدمی کو مفت میں دو وقت کی روٹی مل جائے تو اس کو کبھی محنت مزدوری کا احساس نہیں ہوتا۔ بالکل اسی طرح طالب علم کو

بقیہ صفحہ ۳۳ پر دیکھئے

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

علم

جنت بلوچ
سیکنڈ ایئر پری میڈیکل

- علم ایک ایسی لاٹھی ہے جو کسی بے سہارا کے لئے سہارے کا کام دیتی ہے
- علم ایک ایسی خوشبو ہے جو انسان کے ذہن کو ہمیشہ معطر رکھتی ہے
- علم دل کو اس طرح زندہ رکھتا ہے جیسے بارش زمین کو۔
- علم ایک ایسا پودا ہے جسے اگر ایک شخص لگائے تو اس کا پھل ہر انسان کھاتا ہے
- علم ایک ایسا لباس ہے جو کبھی پرانا نہیں ہوتا۔
- علم حاصل کرنے کے لئے مطالعہ اتنا ضروری ہے جتنا کنول کے لئے پانی۔
- علم کی محبت اور استاد کی عزت کے بغیر کچھ حاصل نہیں ہوتا۔
- علم ایک ایسا سفر ہے جس کی کوئی آخری منزل نہیں۔
- علم کا بھاری بوجھ اٹھانے کے باوجود انسان خود کو پھول جیسا محسوس کرتا ہے
- علم سے بڑھ کر کوئی دولت نہیں۔
- علم ایک ایسی دولت ہے جو خرچ کرنے سے بڑھتا ہے۔
- علم حاصل کرو علم کے بغیر عبادت میں لذت نہیں۔
- علم سے صبر و استقلال اور ایمان حاصل ہوتا ہے۔
- علم سے عقل کا نور اور تدبیر کی روشنی بڑھتی ہے۔
- علم کے بعد عمل سے دنیا و آخرت میں فلاح و کامیابی ملتی ہے۔
- علم ایک ایسی چیز ہے جسے چور چرا نہیں سکتا۔

عورت

یاسمین بلوچ
سیکنڈ ایئر پری میڈیکل

- عورت خدا کی طرف سے آخری تحفہ ہے۔
- عورت کے بغیر گھر بے رونق ہے
- عورت کے بغیر یہ دنیا ویران ہے
- عورت کے دم سے ہر طرف اُجالا ہے۔
- عورت کے بغیر گھر قبرستان ہے۔
- عورت ایک پھول ہے
- عورت ایک سمندر ہے
- عورت کا دل موم کی طرح ہوتا ہے
- عورت ایک خوشبو ہے
- عورت ایک نازک کلی ہے۔
- عورت ایک چٹان ہے۔
- عورت ایک باوفا دیوی ہے۔
- عورت ایک ماں ہے۔
- عورت ایک بیٹی ہے۔
- عورت ایک بہن ہے
- عورت قابلِ احترام ہستی ہے۔
- عورت جیسی بھی ہے میں اسے آداب و سلام کرتی ہوں۔

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

سائنس کے کرشمے

مسرت عالم
فرسٹ ایئر پری میڈیکل

انسان اشرف المخلوقات ہے. اس نے شروع میں اس کائنات کا بیکراں تصور کیا تھا لیکن جب رفتہ رفتہ اپنی عقل و دانش سے کام لیکر اس نے اس کی وسعتوں کو ٹٹولا تو یہی کائنات اسے محدود محسوس ہوئی البتہ اس نے یہ ضرور جان لیا کہ دنیا میں کچھ اسرار و رموز ایسے ہیں جن کی نقاب کشائی کی ضرورت ابھی باقی ہے. چنانچہ اس نے ان بھیدوں کی گرہ کشائی کیلئے سائنس کی مدد لی اور اس کے بعد زمان و مکان کا نقشہ بدل ڈالا. یہ ایک فطری بات ہے کہ انسان کو جب کوئی ضرورت پیش آتی ہے تو وہ اسے پورا کرنے کیلئے ہاتھ پاؤں مارتا ہے. اور بالآخر وہ سعی پیہم سے اپنا مقصد حاصل کرنے میں کامیاب ہو جاتا ہے. سائنس کی ایجادات اسی طرح معرض وجود میں آئیں. خطرناک قسم کی بیماریاں جن کی حقیقت گذشتہ زمانے میں کوئی جانتا بھی نہ تھا. اب قابل علاج ہیں. آج کل سائنس کی بدولت ہی گہرے اور بیکراں سمندروں کی تہوں کو بھی جاننے لگے ہیں. پانی کے نیچے چھپے ہوئے خزانے ہماری آنکھوں کے سامنے ہیں. ٹیلی ویژن، ریڈیو، وائرلیس اور ٹیلی فون کی مدد سے مختلف ملکوں میں رہنے والے لوگ ایک دوسرے کے بہت قریب آگئے ہیں. دنیا کے کسی خطے میں کوئی حادثہ رونما ہو جائے تو اس کی خبر روئے زمین پر پھیل جاتی ہے. سائنس کی ایجادات ہر شعبۂ زندگی کیلئے کارآمد ثابت ہو رہی ہیں. گذشتہ زمانے میں کسان اپنے دست و بازو کی قوت کے بھروسے کھیتی باڑی کرتا تھا. لیکن اب وہ منٹوں میں ٹریکٹر چلا سکتا ہے. کنوئیں کے بجائے ٹیوب ویل استعمال کر سکتا ہے. ایسی کھادیں ڈالی جاتی ہیں جن کی بدولت پہلے سے دگنی فصل پیدا ہو رہی ہے. سائنس کے نوامیس کیمرہ ہی کو لیجئے اس سے تصویر کشی کتنی آسان ہو گئی ہے. اسی طرح ایکسرے جراثیم کش ادویات اور ٹیکوں کی ایجاد نے دنیائے طب میں ایک حیرت انگیز انقلاب برپا کر رہا ہے. یہ سائنس ہی کا کرشمہ ہے کہ انسانی زندگی پہلے کبھی اتنی محفوظ نہ تھی. جتنی کہ آج کل ہے. ان حقائق کے برعکس ایک نہایت اہم پہلو جس کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا یہ ہے کہ سائنس کی بعض ایجادات نے موت کو نہایت ارزاں کر دیا ہے. ایسے ایسے خطرناک اور مہلک ہتھیار ایجاد ہو چکے ہیں جو پلک جھپکنے میں انسانوں اور اس کرۂ ارض پر بسنے والی دیگر جاندار چیزوں کو نیست و نابود کر سکتے ہیں. ایٹم بم اور ہائیڈروجن بم کی ایجاد انسان کیلئے مستقل خطرہ بنی ہوئی ہے. سائنس کی مفید ایجادات نے اس دھرتی کی جھولی کو بھر کر اسے جاذب نظر دیا بنایا ہے. لیکن اب یہ اس ڈگر پر پہنچ چکی ہے کہ انسان کی ذرا سی غلطی بھی اسے آن واحد میں خاک کا ڈھیر بنا سکتی ہے ایک براعظم سے دوسرے براعظم تک راکٹوں کے ذریعے آسانی سے ہلاکت آفرین میزائل جا سکتے ہیں. لہٰذا بنی نوع انسان کا فرض ہے کہ وہ سائنس کی ایجادات صرف ایسے مصرف میں لائیں جن سے ان کی بہتری ہو سکے۔

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

ریڈیو

نائلہ سجاد
فرسٹ ایئر پری میڈیکل

تقریباً آج سے تیس سال پہلے ریڈیو سیٹ بڑی بیٹریوں سے چلتے رہتے تھے. لیکن سائنس کی روز افزوں ترقی کے سبب آج بہت چھوٹے چھوٹے سیٹوں میں بازار میں دستیاب ہیں اور چھوٹی چھوٹی بیٹریوں سے چلتے رہتے ہیں اور ریڈیو آسانی سے ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جایا جاسکتا ہے بہرحال ریڈیو کے فوائد بہت زیادہ ہیں اور نقصانات نہ ہونے کے برابر ہیں ریڈیو ایک ایسی چیز ہے جس کے ذریعے ہمیں مختلف ملکوں کے حالات معلوم ہوتے ہیں اور ہماری معلومات میں اضافہ ہوتا ہے ریڈیو سے ہم باقاعدگی سے ہم ہر روز خبریں سنتے ہیں ریڈیو ہر گھر میں موجود ہے جس سے ہر انسان معلومات حاصل کرسکتا ہے. ریڈیو سے ہم طرح طرح کی خبروں سے باخبر ہوتے ہیں بعض دفعہ ریڈیو میں بہت اچھے اچھے ڈرامے آتے ہیں جن سے انسان اچھی باتیں سیکھ سکتا ہے. یہ سب ریڈیو کا کمال ہے کہ ہم گھر بیٹھے دنیا کے حالات سے باخبر ہوتے ہیں. ریڈیو نزدیکی کا ایک ذریعہ ہے بی بی سی کے پروگرام میں "بلوچستان کل اور آج" بہت اچھا معلوماتی پروگرام ہے اس سے ہم اپنے صوبہ بلوچستان کے متعلق معلومات حاصل کرسکتے ہیں اور ریڈیو ہمارے علم میں اضافے کا ذریعہ ہے آج کل تعلیم بھی ریڈیو کے ذریعے حاصل کی جاتی ہے. ہم ریڈیو کے ذریعے سے دوسری قوموں کی تہذیب و تمدن اور رہن سہن کے متعلق معلومات حاصل کرتے ہیں. ریڈیو سے ہم مختلف پروگرام سنتے ہیں اس میں مذہبی، تعلیمی، سائنسی اور کھیل کود کے پروگرام شامل ہوتے ہیں ریڈیو کی مدد سے ہم بڑی بڑی شخصیتوں شاعروں، ادیبوں اور ڈرامہ نگاروں کے حالات زندگی سے واقف ہوتے ہیں.

ہمارے اپنے شہر تربت میں بھی ایک ریڈیو اسٹیشن ہے جو ۱۹۸۱ء میں قائم ہوا اور یہ اس وقت بھی روزانہ چھ گھنٹے کا پروگرام نشر کرتا رہتا ہے. جس میں تین گھنٹے اردو کی نشریات کے ہوتے ہیں اور تین گھنٹے مقامی زبان بلوچی کے پروگرام نشر ہوتے ہیں ریڈیو پاکستان تربت سے مقامی خبریں مختلف شخصیتوں کے حالات زندگی کے بارے میں مضامین اور مشاعرے نشر کئے جاتے ہیں اور فرمائشی پروگرام بھی نشر ہوتے ہیں جنہیں مقامی لوگ بڑی دلچسپی سے سنتے رہتے ہیں.

ریڈیو پاکستان سے ہفتے میں ایک بار بچوں کیلئے بھی پروگرام نشر کیا جاتا ہے جس سے بچوں میں ریڈیو سننے سے دلچسپی پیدا ہو جاتی ہے. ریڈیو سے خواتین کیلئے بھی پروگرام نشر کیا جاتا ہے جو کہ بڑا معلوماتی ہوتا ہے خواتین کے مختلف پروگرام امور خانہ داری کے بارے میں معلوماتی پروگرام نشر ہوتے رہتے ہیں مثلاً کھانے پکانے کے طریقے بھی نشر کئے جاتے ہیں جس سے خواتین کو کھانے پکانے کے طریقے ریڈیو کے ذریعے معلوم ہو جاتے ہیں. مقامی ریڈیو اسٹیشن کی نشریات صرف (12) میل تک سنی جاسکتی ہیں اور لوگوں کی دلچسپی زیادہ ہونے کی وجہ سے اُن کا مطالبہ ہے کہ نشریات کا دائرہ زیادہ وسیع کیا جائے تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگ اس کی نشریات سن سکیں.

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

راشدہ افضل
فرسٹ ایئر پری میڈیکل

ٹیلی وژن

ٹیلی وژن اسکاٹ لینڈ کے ایک شخص، جان لوئی جی بیرڈ نے ایجاد کیا تھا۔ ایک دن وہ سمندر کے کنارے ٹہل رہا تھا کہ اسکے کانوں میں گانے کی آواز آئی۔ اُس نے چونک کر ادھر اُدھر دیکھا تو پتہ چلا کہ پاس ہی ایک ہوٹل میں ریڈیو بج رہا تھا۔

اس نے سوچا کہ ہوا کی لہروں پر آواز کتنی دور تک چلی جاتی ہے۔ کیا ان لہروں پر تصویر ایک جگہ سے دوسری جگہ نہیں جا سکتی؟ اُسے فوٹو گرافی کا شوق تھا اور وہ کئی مرتبہ تصویروں اور بجلی کے تاروں پر تجربے کر چکا تھا۔ اُس نے ارادہ کر لیا کہ وہ ہوا کی لہروں پر تصویریں بھیج کر رہے گا۔

اُس نے اُسی دن ایک صندوق، کپڑا سینے کی چند سوئیاں، بسکٹوں کا ایک ڈبا، سائیکل کے لیمپ کا شیشہ، کچھ بیٹریاں، بجلی کا ایک تار اور بہت سا موم اکٹھا کیا۔ اس کے بعد بجلی سے چلنے والی ایک پرانی موٹر خریدی، اور اس سامان کو لیکر ایک کمرے میں بند ہو گیا۔

ایک عرصے تک وہ دن رات اسی کمرے میں تجربے کرتا رہا اس نے سامنے ایک پردہ لگایا ہوا تھا۔ آخر ایک دن اس پردے پر تصویر آگئی، لیکن وہ کچھ زیادہ صاف نہ تھی۔ اُس پر بیرڈ نے زیادہ تیز روشنی استعمال کرنے کی سوچی۔ اُس نے ایک ہزار بیٹریاں ایک ساتھ رکھ دیں اور کئی دنوں کی محنت کے بعد آخر پورے پردے پر صاف تصویریں لانے میں کامیاب ہو گیا۔

اب بیرڈ نے کئی مشہور سائنس دانوں کو اپنا کارنامہ دکھایا یہ سائنس دان بھی ٹیلی وژن ایجاد کرنے کی فکر میں تھے۔ انہوں نے بیرڈ سے کہا کہ تم نے میدان مار لیا ہے۔ اگلے ہی دن برطانیہ کے تمام اخباروں میں بیرڈ کی اس حیرت انگیز ایجاد کا حال چھپ گیا۔ یہ ۱۹۲۶ء کی بات

۳۰ دسمبر ۱۹۲۹ء کو بی بی سی لندن نے ٹیلی وژن کا جو پہلا پروگرام پیش کیا اُس میں بیرڈ ہی کا طریقہ ایجاد کیا گیا تھا۔ اس کے بعد بہت سے سائنس دانوں نے ٹیلی وژن میں اصلاحات کیں۔ اور بیرڈ کے طریقے سے ہٹ کر دوسرے طریقے ایجاد کئے، لیکن ٹیلی وژن کا باوا آدم بیرڈ ہی کو مانا جاتا ہے۔

ٹیلی وژن کا اصول یہ ہے کہ کسی چیز کے سیاہ اور سفید حصّوں کو برقی اختلافات (مثبت اور منفی بجلی) میں تبدیل کر کے برقی لہروں کے ذریعے فضاء میں پھیلا دیا جاتا ہے۔

وصول کرنے والا آلہ (ٹیلی وژن سیٹ) ان برقی اختلافات کو دوبارہ سیاہ و سفید حصّوں میں تبدیل کر دیتا ہے، اور ہمیں ٹیلی وژن کی سکرین پر اس چیز کی تصویر نظر آتی ہے۔

رنگین ٹیلی وژن بہت بعد کی ایجاد ہے، اور یہ بلیک اینڈ وائٹ سے زیادہ پیچیدہ عمل ہے۔

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

طالب علم کی ذمہ داریاں

گل افروز بلوچ
فرسٹ ایئر پری میڈیکل

طالب علم کسی بھی ملک کا بہترین سرمایہ ہوتے ہیں۔ یہ وہ ذمہ دار ترین شخص ہے جس کے ذمہ ملک کی تعمیر و ترقی ہوتی ہے۔ اس کو چاہیئے کہ حصول علم کو اپنا مقصد حیات بنائے اور اس عظیم نعمت کو صرف اپنے تک محدود نہ کرے بلکہ اس کے نور سے دوسروں کو بھی منوّر کرے۔

اساتذہ مشعل راہ ہوتے ہیں اور ہمیں کامیابی کی راہ پر گامزن کرتے ہیں۔ طالب علم کو چاہیئے کہ اساتذہ کا احترام کرے اور ان کے نقش قدم پر چلتے ہوئے ذہنی تعمیر کے مرحلے طے کرے تو وہ زندگی کے ہر مشکل امتحان میں کامیاب ہوگا۔

دوران تعلیم محنت کو اپنا شعار بنائے اور ملک و قوم کی فلاح کیلئے کام کرے۔ کیوں کہ محب وطن وہی ہوتا ہے جو ملک سے محبت کرے اور اس کی ترقی کیلئے محنت کرے اور پھر اچھا طالب علم وہی ہے جو ایک بہترین محب وطن ہو۔

درس گاہیں وہ مقدس ادارے ہیں جہاں طالب علم زیور علم سے آراستہ ہوتا ہے۔ ایک اچھے طالب علم کا فرض ہے کہ وہ درس گاہوں کے ماحول کو پرسکون رکھے اور ہر قسم کی ہنگامہ آرائی سے دور رہے۔

مگر افسوس کہ آج کا طالب علم اپنی ذمہ داریوں کو بھول گیا ہے۔ یہ حقیقت ہے کہ اساتذہ سے بدتمیزی، پڑھائی سے گریز، امتحانات میں نقل، مذہب سے بے گانگی اور وقت کا ضیاع آج کے طالب علم کے امتیازی نشان بن چکے ہیں۔ ان کا مقصد علم حاصل کرنا اور ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنا نہیں بلکہ اپنے لیے دولت و آسائش جمع کرنا ہے آج کا طالب علم قلم سے زیادہ کلاشنکوف پر اعتماد کرتا ہے۔

جو طالب علم ان راہوں کو اپنی منزل کی امین سمجھتے ہیں تو یہ ان کی بھول ہے ان راہوں کے مسافر منزل تک نہیں پہنچنے بلکہ بھٹک کر اندھیروں میں گم ہو جاتے ہیں۔

طالب علموں کی شان یہی ہے کہ وہ حصول علم کیلئے کوشاں رہیں اور اپنی علمی صلاحیتوں کو ملک و قوم کی بہتری کیلئے وقف کریں اور ان امیدوں کی تکمیل کریں جو قوم نے ان سے وابستہ کر رکھی ہیں۔

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

جہانِ علم اسلام کی نظر میں

(ادارہ)

○ — جو آثارِ قدرت کا علم رکھتے ہیں وہی بندے خدا سے ڈرتے ہیں۔ (القرآن)

○ — جن کو علم دیا گیا ہے ان کے سینوں میں ہی ہماری آیات محفوظ ہیں۔ (القرآن)

○ — اسلام کا پہلا اعلان "اِقْرَاْ" تھا۔ (القرآن)

○ — آدم کو علم کی وجہ سے فرشتوں پر فضیلت دی گئی۔ (القرآن)

○ — علم کی بدولت طالوت کو جالوت کے سامنے لایا گیا۔ (القرآن)

○ — طالبِ علم طلبِ علم کی حالت میں مرتا ہے تو شہید مرتا ہے۔ (الحدیث)

○ — جہاں علم اور حلم جمع ہو جائیں اس سے بہتر دو چیزیں یکجا نہ ملیں گی۔ (الحدیث)

○ — ایسے علم سے جس سے نفع نہ ہو اللہ کی پناہ مانگو۔ (الحدیث)

○ — علم پیغمبروں کی میراث ہے اور مال کفّار کی۔ (حضرت ابوبکرؓ)

○ — قبل اس کے کہ بزرگ بنو علم حاصل کرو۔ (حضرت عمرؓ)

○ — علم بغیر عمل کے نفع دیتا ہے اور عمل بغیر علم کے فائدہ نہیں بخشتا۔ (حضرت عثمانؓ)

○ — اگر کسی سوال کا جواب معلوم نہ ہو تو اس سے لاعلمی کا اظہار نصف علم ہے۔ (حضرت علیؓ)

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

چیخ ....

محسن بالاچ
فرسٹ ائیر پری میڈیکل

پڑھائی، سیر و تفریح، کھیل و کود، شاپنگ، ٹیوشن اور پھر گھر میں مہمانوں کی مسلسل آمد و رفت، ایسا لگے کہ گھر اپنا نہ ہو، پرایا ہو، ہر روز کوئی نیا چہرہ دیکھنے میں آئے۔ خود پتہ نہ چلے کہ بندہ کہاں ہے کبھی کلاس میں اونگھنے لگا کبھی ہوٹل میں بیٹھے بیٹھے سو گیا۔

اتنی مصروف زندگی کہ کھانے کیلئے فرصت نہ ملے۔ کھانا بھی ایسا کہ جلدی جلدی میں ہاتھ کا نوالہ کبھی ناک میں جاتا تو کبھی کان میں۔ ایسی حالت میں ایک اور دکھ، ایک اور تکلیف ....

وہ بہت خوبصورت لگتی تھی۔ نازک نازک پھول جیسی ......

اُس نے اسے بہت پہلے دیکھا تھا مگر جس طرح آج دیکھ کر اس کا دل دھڑکا، پہلے کبھی نہ دھڑکا تھا۔ جس طرح کوئی سرد آتش فشاں اچانک پھٹ جائے اور لاوا اگلنے لگے۔ بالکل اسی طرح آج اس کا دل دھڑکا اور خیالات اگلنے لگا۔

اب تو وہ ایک "مجنوں" کی طرح رہنے لگا۔ ہر وقت چہرے پر پریشانی کے آثار ــ کوئی دیکھتا تو فوراً یہ سمجھ لیتا کہ کوئی "دیرینہ غم کا مارا" ہے۔ دوست دیکھتے تو آبدیدہ ہو کر کہتے "بھئی آپ کا سن کر بڑا افسوس ہوا" اور پھر دوستوں کے اس بناوٹی افسوس پر وہ ان سے وقتی طور پر ناراض ہو جاتا اور ان سے بات نہ کرتا۔ اس کے بچوں کی طرح روٹھ جانے پر اس کے دوست اُسے اور بھی چھیڑتے اور طرح طرح کے طنزیہ فقرے کستے جس سے اُسے بہت پریشانی ہوتی۔

عشق، انسان تنہائی پسند اور کم گو تو بنا ہی لیتا ہے مگر وہ خواہ مخواہ خود کو شاعر بھی سمجھنے لگتا ہے۔

اسی طرح رات کو اس نے کاغذ اور قلم اپنے پاس رکھے کہ شاید ذہن کے کسی کونے میں کوئی شعر چھپا ہو۔ اور جب نکل جائے تو اسے قلم کے حوالے کردے ــ مگر صبح تک ایک لفظ بھی ذہن میں نہیں آیا۔ اور وہ خود کو کوسنے لگا کہ ابھی تک عشق میں مبتلا نہیں ہو سکا ہے۔

بقیہ صفحہ ۳۵ پر

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

پھر ان سارے واقعات کو بھول کر وہ معمول کی سرگرمیوں میں مصروف ہوگیا۔ جس وقت وہ کالج میں داخل ہو رہا تھا کہ کسی شریر لڑکے نے کھڑکی سے اس پر چاک کے کچھ ٹکڑے پھینکے۔ تو وہ یہ سمجھا کہ "قیس پر پتھر برسائے جا رہے ہیں" اور اب لیلیٰ آئیگی اور گانے لگے گی کہ کوئی پتھر سے نہ مارے میرے د۔۔۔ یو۔۔۔ ا۔۔۔ نے۔۔۔ کو"

اس کے خیالات دیر تک قائم نہ رہ سکے۔ کیونکہ پرنسپل صاحب سامنے سے آ رہے تھے۔ وہ ان کا سامنا کرنا نہیں چاہتا تھا اور کلاس میں فوراً جانا چاہتا تھا جلدی میں وہ پرنسپل سے ٹکرا گیا۔ اس کی کتابیں زمین پر بکھر گئیں اور پرنسپل صاحب بھی لڑکھڑائے۔ گھبراہٹ کے عالم میں اس کے منہ سے کچھ ٹوٹے پھوٹے حروف نکل رہے تھے۔ مگر وہ خود انہیں سمجھ نہیں پا رہا تھا۔

"سو۔۔۔ سو۔۔۔ ر۔۔۔ ر۔۔۔ ری"

"دیوانے ہو گئے ہو کیا؟" پرنسپل صاحب گرجنے لگے۔ "جی سر۔۔۔" گھبراہٹ میں اس کے منہ سے نکل گیا۔ "کیا۔۔۔؟" پرنسپل کے پیشانی میں بل پڑ گئے۔ اور حیرانگی سے کہنے لگے: "تو تم۔۔۔؟"

"نہیں نہیں سر!" اس سے پہلے کہ پرنسپل بات پوری کرتے اس نے اپنے الفاظ واپس لے لیے اور پھر پرنسپل صاحب مسکراتے ہوئے آفس میں چلے گئے۔ مگر وہ بدستور وہیں کھڑا رہا اور خود پہ ہنستا رہا۔

اب اسے محسوس ہوا کہ وہ دھیرے دھیرے سچ مچ "دیوانہ" ہوتا جا رہا ہے۔ پھر اس نے کتابیں اٹھالیں اور کلاس جانے کے بجائے گھر کا رخ کیا۔ اور راستے میں گنگناتا ہوا بھی رہا۔ "اے میرے دل کہیں اور چل۔"

"رخسانہ!" نہیں نہیں یہ تو کوئی خاص نام نہیں ہے اسکا نام بڑا خوبصورت ہونا چاہیے۔ تو پھر۔۔۔ یہ "گلبدن"۔۔۔! ارے نہیں نہیں "گلبدن تو ہماری باورچی کا نام ہے۔ جو ٹینک کی طرح موٹی اور بھدی ہے کہیں وہ ایسی موٹی اور۔۔۔۔۔۔؟

"نہیں۔۔۔۔" اس کے اس خیال سے اس کے رونگھٹے کھڑے ہو گئے۔ اگر وہ اس کا چہرہ دیکھتا تو فوراً اس کو موزوں نام دے دیتا۔ مگر اس نے تو اسے صرف برقعہ پہنے دیکھا تھا۔ لیکن جب وہ اوپر سے اتنی خوبصورت ہے تو اصل میں کیسی ہوگی۔۔۔۔ بہرحال اسکا نام بڑا خوبصورت اور دلکش ہونا چاہیے۔ جیسے "ساحرہ" جس نے اس پر سحر کیا ہے یا پھر اس کا نام "چاندنی"۔۔۔۔ جو برقعہ کے اندر سے ہی سے چاندنی کی طرح چمکتی ہے۔

وہ ساری رات اسی طرح، اس کے خیالوں میں مگن رہا۔ پھر پتہ نہیں کب آنکھ لگی اور وہ سو گیا۔

پھر دوسری صبح سویرے وہ اٹھ گیا۔ کیونکہ وہ بھی صبح سویرے گھر سے نکلتی اور خبر نہیں کہاں جاتی تھی بس یہ کنگھی پھیرنے کے بعد وہ باہر نکلا یہ شاید وہ ظالم اس پر رحم کھائے اور اپنا جلوہ دکھائے۔ وہ ان کے گھر کے سامنے مگر ذرا دور۔۔۔۔ کھڑا، اسکا انتظار کرنے لگا۔ بڑی دیر کے بعد دروازہ آہستہ آہستہ ہلا اور وہ باہر آگئی۔ تو اس کے منہ سے خود بخود نکل گیا کہ "آپ آئے بہار آئی" یہ سنتے ہی وہ

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

میر گل خان نصیر

ملوک جان
بی ایس سی فائنل

میر گل خان نصیر ۱۹۱۴ء کو نوشکی میں پیدا ہوئے۔ پرائمری تک تعلیم نوشکی میں حاصل کر کے کوئٹہ چلے گئے جہاں سے میٹرک پاس کر کے مزید تعلیم حاصل کرنے کیلئے لاہور چلے گئے لیکن بعض ناگزیر وجوہات کی بنا پر تعلیم ادھوری چھوڑ کر کوئٹہ چلے آئے۔ یہاں آ کر ریاست قلات میں نائب تحصیلدار بھرتی ہوئے اور بعد میں ترقی کرتے کرتے وزیر کے عہدے تک جا پہنچے۔ یہ وہ زمانہ تھا جب انگریزی حکومت اپنے عروج پر تھی۔ اور دوسری طرف ہندوستان کے باسی اسی تسلط کو جڑوں سے اکھاڑنے کی جدوجہد میں مصروف تھے، دوسری عالمی جنگ کی تباہ کاریوں اور فاشزم کی شکست کے بعد سامراجی نوآبادیوں میں بھی قومی آزادی کی تحریکیں ابھر رہی تھیں۔ ہندوستان میں بھی آزادی کی تحریک زور پکڑ رہی تھی۔ آزادی کی ان تحریکات کے اثرات بلوچستان پر پڑ جانا قدرتی عمل تھا۔ چنانچہ یہاں کے قوم پرست قوتوں نے عوام کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کرنے کیلئے قلات نیشنل پارٹی تشکیل دے کر خود کو انگریزی تسلط کے خلاف برصغیر کی دیگر اقوام کی صفوں میں شامل کر لیا۔

بلوچستان کی پہلی سیاسی جماعت کی حیثیت سے قلات نیشنل پارٹی کی داغ بیل ڈالنے والی اولین شخصیات میں میر گل خان نصیر کا بھی نام آتا ہے۔ وہ پارٹی کے پہلے نائب صدر تھے۔ یہ وہ وقت تھا جب انگریز شاہی کے مظالم اپنے عروج پر تھے۔ آزادی کی بات کرنا ایک طرف ان مظالم کے خلاف بات کرنا بھی خطرات کو دعوت دینا تھا۔ انگریزوں نے ریاست قلات کو آزادی کی تحریکوں سے دور رکھنے کے لیے یہاں کے قوم پرستوں کی زبان بندی، گرفتاری، جرمانے، جلاوطنی اور دیگر غیر انسانی سزاؤں کا ایک درسلسلہ شروع کر دیا۔ خود میر گل خان نصیر کی آدھی زندگی جیلوں میں کٹ گئی۔

میر گل خان نصیر ابتداء میں اردو، فارسی اور براہوی زبان میں شاعری کیا کرتے تھے لیکن بعد میں انھوں نے بلوچی زبان کو اظہار کا ذریعہ بنایا۔ وہ بلوچی زبان کے عظیم شاعر تھے۔ ان کی شاعری کا موازنہ دنیا کے کسی بھی شاعر کی شاعری سے کیا جا سکتا ہے۔

میر گل خان نصیر نے اپنے اشعار میں ظلم و جبر اور غربت و افلاس کے خلاف جہاد کیا۔ ان کے اشعار کا موضوع انسان دوستی، مساوات اور آزادی ہے۔

انگریزوں نے ہندوستان میں اپنے تسلط کو مضبوط کرنے کیلئے خطے کے صادق قسم کے وطن فروشوں کو

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

اپنا ہم نوا بنایا۔ اس خطے میں بھی مفاد پرست سرداروں کی شکل میں ایک ایسا ہی طبقہ موجود تھا جس نے چند روپلوں اور معمولی مراعات کے عوض اپنی آزادی کا بہت ہی سستا سودا کرتے ہوتے اپنی سرزمین بیرونی دشمنوں کے ہاتھوں فروخت کردی اور ان کے ساتھ مل کر اپنے بھائیوں کے مال پر ہاتھ صاف کرنے لگے اور گل خان نصیر وقتاً فوقتاً اس وطن فروش ٹولے کے مکروہ چہرے سے پردہ اٹھاتے رہے اور ان سرداروں کو سجدہ کرنے کے بجائے ان کے خلاف بغاوت کا اعلان کرتے ہوتے اپنا ناطہ معاشرے کے ٹھکرائے ہوتے غریب عوام سے جوڑا، طبقاتی عدم مساوات کا تذکرہ وہ ان الفاظ میں کرتے ہیں۔

بچے رو رو نین گنوائیں، بوڑھے در در ٹھوکر کھائیں
چھپ چھپ پاپئیں نیر بہائیں، بھیک ملے نہ اُدھار
اے بھیا راج کرے سردار

انہوں نے اپنے اشعار میں عوام کے ساتھ ہونے والے مظالم اور ناانصافیوں کی نشاندہی کی ہے اور لوگوں کو ان مظالم اور ناروا سلوک کے خلاف بغاوت پر اکساتے رہے ان کے اشعار میں ظلم و استحصال کے خلاف جدوجہد کا پیغام ہے۔ انہوں نے اپنے اشعار میں بلوچ قوم کی پسماندگی کی وجوہات بیان کی ہیں اور ان مشکلات سے چھٹکارا حاصل کرنے کی راہیں بھی متعین کی ہیں وہ بھوک، افلاس اور محرومیوں کے خلاف زندگی بھر لڑتے رہے۔ راہ عمل میں ان کا ہر دوسرا قدم جیل کی تاریکیوں میں پڑتا لیکن وہ ان اقدام اور مصائب کو ہنس کر جھیلتے رہے۔ ایک منصفانہ سماجی اور اقتصادی نظام اور استحصال سے پاک معاشرے کے قیام کے لیے جدوجہد کرنے کیلئے اپنے ساتھیوں کے جذبہ حریت کو خراج پیش کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ:

تم ہو اِک نشانِ راہ، تم وطن کے نور ہو۔
تم طراوتِ نگاہ، اگرچہ ہم سے دور ہو۔
تم ہماری زندگی، تم ہماری جان ہو۔
تم ہماری بندگی، تم ہماری شان ہو۔
فرض ہے بر احترام ساتھیو اسلام۔

گل خان نصیر نے اپنے اشعار میں طبقاتی اور قومی جبر کے خلاف عوام کو جدوجہد کرنے کا سبق دیا۔ عوام کی آزادی سلب کرنے والی تعزیرات جرگہ سسٹم اور جبر و استبداد روا رکھنے والے دوسرے کالے قوانین کی بیخ کنی اور امن و آزادی بحال کرنے کا مطالبہ انہوں نے اپنے اشعار میں بار بار کیا ہے۔

جرگہ کی تعریف انہوں کچھ اس طرح کی ہے:

ہماری شومیٔ قسمت کی ایک تصویر ہے جرگہ
بلوچوں کو مٹانے کی ایک تدبیر ہے جرگہ
ہوا جب وطن کا جو شخص بھی عاشق
اس کا سر اٹھانے کیلئے شمشیر ہے جرگہ
اگر ٹھہریں تو سر پر سردار آتا ہے
اگر بھاگیں تو کیسے، پاؤں میں زنجیر ہے جرگہ۔

گل خان نصیر نے ان غیر انسانی تعزیرات اور قوانین کے خلاف عوام کی زبان بن کر نظمیں اور ترانے لکھے۔ اپنی ایک نظم "میں باغی ہوں" میں کہتے ہیں۔

قصاں بہ دتی من جنگ کناں
حوناں گوں زمین ہم رنگ کناں

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

من قوم ءِ بدآن دل تنگ کناں
من حق گوشان، من باغی آں

میر گل خان نصیر کے انقلابی ترانوں کی بازگشت بلوچستان کے سنگلاخ پہاڑوں، چٹیل میدانوں اور تپتے ہوئے صحراؤں میں سنائی دی یہاں کے ستم رسیدہ اور بنیادی حقوق سے محروم عوام نے ان کی آواز میں آواز ملا کر قومی جبر کے خلاف جدوجہد میں مزید تیزی پیدا کرلی۔

گل خان نصیر کی شاعری میں استحصالی نظام کے انتقام کا پیغام ملتا ہے۔ مادرِ وطن کی زبوں حالی اور عوام کی بے بسی کی منظر کشی اس طرح کرتے ہیں کہ دل و دماغ پر ایک تاثر چھوڑ جاتے ہیں۔ وہ جب تک جیے وطن کے گیت گاتے رہے۔ اپنی ایک ایک نظم میں وہ مادرِ وطن سے اس انداز میں مخاطب ہیں۔

میں نہ بھاگوں گا کبھی جاہ و حشم سے ڈر کر
میں نہ جاؤں گا کبھی رنج و الم سے ڈر کر
تیری آغوش میں مجھے فنا ہونا ہے
تیرے ماتھے سے مجھے داغِ سیاہ دھونا ہے

ان کی شعری تصانیف میں گلبانگ، شپ گروک، داستانِ دوشکی اور دوستین و شیرین شامل ہیں۔

ان کی نثری تصانیف میں تاریخِ بلوچستان، تاریخ خوانین قلات، بلوچستان قدیم اور جدید ادوار کی روشنی میں، بلوچستان کی کہانی شاعروں کی زبانی، بلوچی عشقیہ شاعری، بلوچی رزمیہ شاعری اور کوچ و بلوچ شامل ہیں۔

بقیہ "والدین کے حقوق"

لیکن ہم جس دور سے گزر رہے ہیں یہ زمانہ مذہب سے دور ہوتا جارہا ہے۔ اخلاقی قدریں ختم ہو رہی ہیں۔ دلوں میں محبت کی بجائے نفرت بھرتی جارہی ہے۔ آج کل کی اولاد اس وقت تک والدین کی عزت کرتی ہے، جب تک اس کی شادی ہو نہیں جاتی۔ شادی کے بعد اولاد کا والدین سے بے نیاز ہوجانا والدین کی نگاہوں سے نُور اور دلوں سے سکون کا چھین جانا ہے۔

اس دور میں انسان کی سب سے بڑی ضرورت والدین کا احترام ہے۔ ہر شخص کو چاہیئے کہ وہ اپنے والدین کی سختیوں کو خندہ پیشانی سے برداشت کرے۔ بڑھاپے میں ان کے آرام و آسائش کا خیال رکھے۔ والدین نے اولاد کو پڑھا لکھا کر اسی امید سے پالا ہے کہ اولاد ان کے بڑھاپے کا سہارا بنے گی۔ وہ اولاد خوش قسمت ہوتی ہے جو اپنے والدین کی خدمت کرتی ہے۔ یہ خدمت اُن کیلئے آخرت میں نجات کا ذریعہ بنتی ہے۔

بقیہ "چیخ"

اس کی طرف بڑھنے لگی۔ جیسا کہ وہ گھر سے نکلی ہی اس کے لیے تھی۔ اور پھر وہ بہکنے لگا.....

"تیرے عشق میں، میں پاگل ہوا جاتا ہوں جس طرح مجنوں نے لیلیٰ کو، فرہاد نے شیریں کو اور رانجھے نے ہیر کو چاہا تھا اسی طرح میں تجھے چاہتا ہوں....

اب تو اپنا دیدار کروا ظالم!"

پھر جو اس نے اپنا جسم عجیب انداز سے ہلاتے ہوئے دونوں ہاتھوں سے تالی بجائی اور "ہائے جانی..." کہہ کر اپنے چہرے سے برقعے کا نقاب اٹھایا تو اس کے منہ سے اچانک ایک چیخ نکل گئی۔ کیونکہ وہ.....!

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

والدین کے حقوق

فرحت تبسم
فرسٹ ایئر آرٹس

ماں باپ کا جسے نہ بڑھاپے میں ہو خیال
اس نا سعید بیٹے کی قسمت الٹ گئی

اخلاق کا پہلا سبق والدین کی خدمت اور ان کے حقوق ہیں اور اولاد کے ظاہری وجود اور پیدائش کا ایک وسیلہ ہیں وہ اولاد کی پرورش کرتے ہیں اور اولاد کو زیورِ علم و ادب سے آراستہ کرتے ہیں اور اپنی شب و روز کی محنت مشقت سے کمائی ہوئی دولت ان پر خرچ کرتے ہیں تاکہ وہ پڑھ لکھ کر قابل انسان بن سکیں والدین خود غرض نہیں ہوتے وہ خلوص کے پیکر ہوتے ہیں۔ والدین اپنی اولاد کیلئے اللہ سے دعائیں مانگتے رہتے ہیں۔ ماں باپ کو اپنی اولاد پر رشک آتا ہے اور وہ ان کی کامیابی پر خوش ہوتے ہیں والدین اپنی اولاد سے حسد نہیں کرتے بلکہ ہر وقت اولاد کی ترقی، بہتری اور بہبودی کے لئے کوشاں رہتے ہیں۔ اگر کوئی شخص ہم پر احسان کرتا ہے تو ہم اس کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔

لیکن والدین جو خود ہر طرح کے دکھ اور تکلیفیں اٹھاتے ہیں وہ اپنی اولاد کیلئے اپنا سکھ چین اور آرام برباد کرتے ہیں تو اولاد کا بھی فرض بنتا ہے کہ ان کے حقوق پہچانے اور دل و جان سے ان کی خدمت کرے۔ قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ جگہ جگہ ارشاد فرماتے ہیں کہ "اپنے ماں باپ کی عزت کرو۔ ان کی اطاعت کرو۔ ان کی آواز سے اپنی آواز بلند نہ کرو۔ ان کے آگے نہ چلو۔ ان سے سخت کلامی نہ کرو انہیں اُف تک نہ کہو"۔

ماں باپ کی محبت اور ان کے احسانات کو کبھی فراموش نہ کرو۔ بلکہ ان کی خدمت کر کے دنیا اور آخرت میں سرخ رو رہو۔ دنیا کی بڑی سے بڑی دولت باپ کی شفقت کو خرید نہیں سکتی اور نہ ماں کی مامتا کی قیمت ادا کر سکتی ہے۔ ہر اچھے انسان کا فرض ہے کہ وہ اپنے والدین کیساتھ نرمی، اخلاق، ادب اور تعظیم سے پیش آئے۔ ان کے ہر حکم کو مانے اور جب وہ بوڑھے ہو جائیں تو کھلے دل سے ان کے آرام و آسائش کا بندوبست کرے اور توجہ دے۔ وہ انسان بڑا بدنصیب ہوتا ہے جو اپنے والدین کے حقوق کو نہیں پہچانتا جو انہیں تنگ کرتا اور ستاتا ہے۔ جو شخص چند روزہ عیش و عشرت کی خاطر والدین سے عدم توجہی برتتا ہے اور اس طرح ہمیشہ ہمیشہ کیلئے آخرت میں جہنم خریدتا ہے وہ انسان جو دل و جان سے اپنے والدین کی عزت و خدمت کرتا ہے ان کی خاطر بڑی سے بڑی قربانی سے بھی دریغ نہیں کرتا ہر وقت ان کے آرام میں کوشاں رہتا ہے اور ان کے حقوق پورے پورے ادا کرتا ہے۔ وہی انسان دنیا میں بھی کامیاب ہوتا ہے اور آخرت میں انعام کا بھی حق دار بنتا ہے۔

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

وقت وقت کی بات

کوثر عنبرین
بی ۔ ایس ۔ سی فائنل

جس طرح ہمیں معلوم ہے کہ ہر چیز کی کوئی ضد ہوتی ہے ۔ جیسے آگ اور پانی ، گرمی و سردی ، اسی طرح طبیعات میں مادّہ اور ضدِ مادّہ ہوتا ہے ۔ یہ چیز تسلیم شدہ ہے ۔ اب کچھ سائنس دان وقت کے ساتھ ساتھ ضدِ وقت کی اصطلاح بھی استعمال کرنے لگے ہیں ۔ جس طرح وقت ماضی سے حال اور پھر مستقبل کی طرف چلتا ہے ۔ اس طرح ضدِ وقت اس کے مخالف سمت میں یعنی مستقبل سے حال اور پھر ماضی کی طرف چلتا ہے ۔ اصولی طور پر تو ماضی اور مستقبل اضافی اصطلاحیں ہیں ۔ اور ان کی اپنی کوئی مستقل قدر یا قیمت نہیں ۔ اس لیے وقت کا صحیح بھاؤ صرف وہ شخص بتا سکتا ہے جو خود وقت کی بندشوں سے آزاد ہو ۔ اور اس حالت کو فوق وقت کا نام دیا گیا ہے پس اگر کسی اور سیارے میں جہاں ضد وقت ہو تو ان سے ہم کبھی بھی رابطہ قائم نہیں کر سکتے کیونکہ ان کا مستقبل یہاں کا ماضی ہے ۔ اور پھر ادھر کا ماضی یہاں کا مستقبل ہے ۔ بس کائنات کی تشکیل کے بعد سے اب تک صرف ایک لمحہ ہی ایسا آئیگا جب دونوں کا وقت آپس میں قطع کریگا اور صرف اسی لمحے ہم دوسری کائنات والوں کے ساتھ براہِ راست رابطہ قائم کر سکیں گے ۔ لیکن اگر ہم عین اسی لمحے جبکہ ان کا وقت اور ہمارا وقت مشترک ہو اپنا پیغام بھیجیں تو چونکہ پیغام کو ایک جگہ سے دوسری جگہ جانے میں کچھ وقت لگتا ہے ، اس لیے یہ پیغام پھر بھی ان تک نہیں پہنچ سکے گا ۔ کیونکہ ہمارے لیے وہ پیدا ہی نہیں ہوا ہے اور ہم ان کے لیے مر چکے ہیں ۔

آیئے وقت میں سفر کے بارے میں کچھ باتیں آپ کو بتاتے ہیں ۔ یہ تمام حقائق آئن اسٹائن کے نظریۂ اضافیت سے ثابت کیے جا سکتے ہیں اور محض مفروضہ نہیں ہیں ۔ جیسا کہ ہم جانتے ہیں اگر کسی چیز کی رفتار روشنی کی رفتار سے تیز ہو جائے تو اس کی کمیت میں لا متناہی اضافہ اور وقت گذرنے کی رفتار میں کمی ہو جاتی ہے ۔ اسی بنا پر کہا جا سکتا ہے کہ انسان روشنی کی رفتار تک نہیں پہنچ سکتا ۔ پس وقت ایک لچکدار چیز ہے جسے بڑا یا چھوٹا کیا جا سکتا ہے ۔ جیسا کہ ہم دیکھیں گے کہ کائنات کچھ جگہیں ایسی بھی ہیں جہاں وقت ساکن بھی ہے ۔ یعنی جہاں ماضی مستقبل اور حال کی اصطلاحیں بے کار ہو جاتی ہیں ۔ ایسی جگہیں جہاں وقت بہت تیز بھاگتا ہے ۔ بلیک ہول کہلاتی ہیں ۔ کوئی بھی ستارہ جب عمر رسیدہ ہو جاتا ہے ۔ تو وہ ڈھیر ہو جاتا ہے حتیٰ کہ اس کی کثافت اور کشش ثقل اتنی زیادہ ہو جاتی ہے کہ اس میں سے کچھ بھی باہر نہیں نکل سکتا حتیٰ کہ

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

روشنی بھی نہیں۔ چونکہ روشنی بھی اس میں سے باہر نکل نہیں سکتی اس لیے انہیں ہم دیکھ بھی نہیں سکتے لیکن ان کے قریب جو بھی چیز جاتی ہے اُسے یہ اپنی کشش کی وجہ سے ہڑپ کر جاتے ہیں اور ان کا کوئی پتہ بھی نہیں چلتا۔ یہ ایک طرح کا کائنات کا برمودا ٹرائی اینگل ہے۔ پس اگر آپ کو مستقبل کا سفر کرنا ہو تو آپ بلیک ہول کے پاس جائیں۔ اس میں حیران ہونیکی کوئی بات نہیں ہے۔ وقت بلیک ہول اور اس کے گرد مختلف رفتار سے بہتا ہے۔ لیکن اس طرح کے وقت کے سفر میں آپ مستقبل میں ہی تو جا سکتے ہیں لیکن وہاں سے واپس آنے کی کوئی سبیل نہیں۔ کیا کوئی ایسا طریقہ بھی ہے کہ آپ وقت میں دونوں طرف سفر کر سکیں یعنی ماضی میں بھی اور مستقبل میں بھی بلیک ہول کے بارے میں ایک نظریہ یہ بھی ہے کہ بلیک ہول دو کائناتوں کے درمیان پل کا کام کرتی ہیں۔ یہ دونوں کائناتیں ایک دوسرے کی ضد ہیں ایک مادے سے مبنی ہے اور اس میں وقت آگے کی طرف بہتا ہے جبکہ دوسری جسے ضد کائنات کہا جاتا ہے ضد مادہ سے مبنی ہے اور اس میں ضد وقت چلتا ہے جو پیچھے سے آگے کی طرف بہتا ہے پس اگر ہم بلیک ہول میں داخل ہوں تو ہو سکتا ہے کہ ہم دوسری کائنات میں داخل ہو جائیں جہاں کی سرشتے نرالی ہوگی۔

آئیے اب دیکھیں کہ ایک خلا نورد خلا میں اپنی بائیسویں سالگرہ کے دن ایک ایسے ستارے پر جاتا ہے جسکا فاصلہ ۲۵ نوری سالوں کے برابر ہے اور اس کے راکٹ کی رفتار روشنی کے رفتار کی اٹھانوے فیصد ہے۔ یہ بھی فرض کریں گے کہ اپنے پیچھے زمین پر ایک جڑواں بھائی اور ایک بچہ جس کی عمر ایک سال کی ہے چھوڑ کر جاتا ہے۔ تو جب وہ اپنے سفر سے واپس آئیگا تو اسکی اپنی عمر تو ۳۲ سال ہی ہوگی۔ یعنی سفر میں اُس کے حساب سے دس سال گذرے لیکن جب وہ اپنے بھائی سے ملے گا تو اس کے بھائی کی عمر ۷۲ سال کی ہو چکی ہوگی۔ اور اس کا بچہ اس سے بھی بیس ۲۰ سال بڑا یعنی باون ۵۲ سال کا ہوگا۔ جیسے جیسے ہم روشنی کی رفتار کے قریب پہنچتے ہیں۔ ویسے ویسے یہ اثر بڑھتا جاتا ہے۔ اور اگر رفتار روشنی کی رفتار کی ننانوے اعشاریہ نو فیصد کے برابر ہو جائے تو وہی خلا باز جب تک خلا میں پانچ سال گذارے گا۔ زمین میں اس وقت تک تین لاکھ سال گذر چکے ہونگے۔ زمین پر وقت آہستہ آہستہ گذرنے کی وجہ اس کی کشش ثقل ہے بہت بہتر درست ایٹمی گھڑی کے استعمال سے سائنسدانوں نے یہ معلوم کیا ہے کہ تیس ہزار سال کی مدت میں زمین پر رکھی ہوئی گھڑی خلا میں ایک اعشاریہ چھ کلو میٹر اوپر رکھی گئی۔ ایک دوسری گھڑی سے ایک سیکنڈ پیچھے رہ جائیگی۔ یہ تو تھا روشنی کے قریب رفتار سے سفر کرنے کا نتیجہ۔ لیکن اگر کسی طرح روشنی کی رفتار سے تیز سفر کیا جائے تو ہم ماضی میں بھی جا سکتے ہیں یعنی وہی خلا نورد اگر آج سفر پر جائے تو واپس جانے سے ایک دن پہلے بھی آسکتا ہے۔ اگرچہ یہ بات ہمیں عجیب سی معلوم ہوتی ہے لیکن یہ بات ذہن میں رکھنی چاہیئے کہ وقت میں ایک اضافی مقدار ہے۔

طبیعیات میں ایک اور انتہائی جدید نظریہ یہ ہے کہ ہر بلیک ہول کیساتھ ایک وائٹ ہول بھی ہوتا ہے۔ جو مادہ اور توانائی بلیک ہول نے جذب کیے ہوتے ہیں۔ و

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

وہائٹ ہول سے باہر آجاتے ہیں اور یہ دونوں ہول ایک پل سے جڑے ہوتے ہیں۔ جب ہماری کائنات میں قیامت آئیگی تو تمام کی تمام کائنات بلیک ہول میں غائب ہو جائیگی۔ اور کہیں اور وہائٹ ہول سے ایک عظیم دھماکے کے بعد ایک اور کائنات وجود میں آئیگی۔ یہ سائنسی تصور ہمارے اسلامی تصورِ آخرت پر پورا اُترتا ہے۔ یعنی قیامت کے بعد ایک نئی زندگی کا آغاز ہوگا۔ افلاطون کے ہم عصر تھیوپومپس نے ایک ایسے پھل کا ذکر کیا ہے جسے کھانے سے آدمی واپس عمر میں چھوٹا ہونا شروع ہو جاتا ہے۔ (اسے بنیاد بنا کر بہت سی سائنسی کہانیاں لکھی گئی ہیں۔ اس طرح ایک مشہور ناول ہمارے جانے پہچانے مصنف لیوس لاریل نے لکھا ہے۔ کہ اگر ہم ایسے ہی کسی انسان کا تصور کریں جو رہتا تو ہماری ہی دنیا میں ہے اور لیکن وہ عمر میں چھوٹا ہوتا جا رہا ہے۔ تو یہ بہت ہی پیچیدہ مسئلہ ہوگا۔) تاہم فین مین کی تحقیق سے جنہیں ۱۹۶۵ء میں نوبل انعام طبیعیات کا ملا تھا اور جو انہوں نے قدری میکانیات کے سلسلے میں کی تھیں ہمیں کچھ مدد مل سکتی ہے۔ ان کے خلاء وقت نظریے کے مطابق ضد ذرات ایسے ذرّات ہوتے ہیں۔ وقت میں صرف مائیکرو سیکنڈز کے لیے پیچھے کی طرف جاتے ہیں۔ جبکہ الیکٹران اور اس کی ضد ذرّہ یعنی پوزیٹران بنتا ہے۔ تو پوزیٹران کی زندگی بہت مختصر ہوتی ہے۔ یہ فوراً الیکٹران سے ٹکراتا ہے اور گاما شعاعوں کی صورت میں ضائع ہو جاتا ہے۔ فین مین کے نظریے کے مطابق درحقیقت صرف ایک ہی ذرہ یعنی الیکٹران ہوتا ہے جو وقت میں پیچھے کی طرف جا رہا ہے لیکن ہم چونکہ مستقبل کی طرف دیکھ سکتے ہیں اس لیے ہمیں اس کی زندگی کا وہی حصہ نظر آتا ہے جو ہمارے حال تک ہوتا ہے۔ اور درحقیقت وہ پوزیٹران غائب ہو جاتا ہے تو اصل میں اُس وقت وہ ہمارے ماضی میں داخل ہو چکا ہوتا ہے۔ اس نظریے کے مطابق ہماری دنیا اور ضد دنیا بالکل ایک جیسی ہیں۔ جیسے کہ دایاں اور بایاں ہاتھ۔ ہمیں ایسی دنیا میں جانے کیلئے دو کام کرنے ہونگے۔ اوّل (البعید) بلند خلاء میں جانا ہوگا اور دوم فوق وقت میں جانا ہوگا۔ ہم لوگ تین ابعاد میں رہتے ہیں۔ دونوں کائناتوں کو ایکدوسرے کے آئینی شبیہہ کے طور پر دیکھتے ہیں لیکن اگر ہم یہ دونوں کام کرسکیں تو ہمیں یہ دونوں کائناتیں بالکل ایک جیسی لگیں گی انگریزی کی ایک مشہور کہاوت ہے۔

"There was a young lady named bright whose speed was faster than light; she went out one day in a relative way and returned the previous night."

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

زِندگی

حنیف حمّل
سیکنڈ ائیر۔ پری میڈیکل۔

زندگی منزلِ مقصود کی جانب رواں دواں ایک کٹھن طویل اور تھکا دینے والی سفر کا نام ہے جس کی آخری منزل کو ہم موت کا نام دے سکتے ہیں جب کوئی انسان اس کرۂ ارض پر اپنی انکھیں کھولتا ہے تو وہ زندگی کے تین مراحل طے کرتے ہوتے موت کی طرف اپنے قدم آہستہ آہستہ بڑھاتا رہتا ہے اور آخر کار وہ اس حسین لیکن بے وفا اور بارونق دنیا کو چھوڑ کر ابدی نیند سو جاتا ہے۔

ان تین مراحل سے مراد بچپن، جوانی اور بڑھاپا ہے۔

بچپن انسانی زندگی کا ایک بے خبر اور انجانا دور کہلاتا ہے۔ ہم کہہ سکتے ہیں کہ انسان کا یہ دور ایک جانور کی زندگی کے مانند ہوتا ہے کیونکہ اس دور میں بچہ سمجھ سے محروم، اچھے برے کا فرق محسوس کرنے سے قاصر اور زندگی کے مفہوم سے انجان ہوتا ہے۔ لیکن جب وہ بچپن کے دو یا تین سال گزارتا ہے تب وہ سماج میں اپنے قریب کی ہر چیز کو جاننے اور سمجھنے کی کوشش کرتا ہے اور اس دور میں اُسے اپنے والدین کی رہنمائی کی اشد ضرورت ہوتی ہے۔ حقیقتاً ایک انسان کو اس کی زندگی کی کلیدی کامیابی پر گامزن کرنے یہی تربیت بہترین ذریعہ ثابت ہوتی ہے۔

اگر بچپن کے اس مرحلے میں انسان کو مکمل او[ر] درست رہنمائی مل جائے تب وہ سماج اور معاشر[ے] میں ایک اچھا اور قابلِ قدر انسان بنے گا۔ وگرنہ سما[ج] میں ایک بوجھ بن کر اپنے والدین اور دوسروں کی ز[ندگی] کو بوجھ بنانے میں کانٹا ثابت ہوگا۔

جوانی انسانی زندگی کا ایک حسین اور پرکشش [...] منظر ہمارے سامنے پیش کرتی ہے یہ دور زندگی [...] بہتر اور سنہری مواقع فراہم کرتا ہے بشرطیکہ کوئی ا[...] دور کی قدر کرے اور اپنے لئے اور عالم انسانیت کے لیے کوئی اچ[...] عمل کر ڈالے۔ اس دور میں انسان دنیا والوں پیار [...] محبت اور خلوص دے کر ان سے وفا کی امید کر سکتا [...]

جیسا کہ پہلے ذکر کیا جا چکا ہے کہ ایک دن انسا[ن] اس جہان فانی سے رخصت ہو جائیگا لیکن اگر ایک ان[سان] انسانیت اور معاشرے کی فلاح و بہبود کیلئے اپنی جوا[نی] وقف کرلے تو وہ مر کر بھی ہر انسان کے دل میں امر ر[ہتا] ہے اور اس کی عادات، گفتار، کردار اور سیرت دو[...]

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

کیلئے مشعل راہ بن جاتی ہے۔ کیونکہ ظاہری بات ہے کہ انسان اپنے پہلے دور یعنی بچپن اور آخری دور یعنی بڑھاپے میں کچھ بھی نہیں کرسکتا۔ بڑھاپے کا دور تو صرف بچپن اور جوانی کے دور کو یاد کرتے کرتے گذر جاتا ہے۔ اسی لیے یہ زندگی کا ایک خوفناک دور ہوتا ہے۔ اسی دور میں انسان موت کو قریب سے دیکھتا ہے اور اپنے ماضی کے ہر مثبت اور منفی اعمال پر نظریں دوڑاتا رہتا ہے۔

جس شخص نے اپنی زندگی غریب، نادار، محتاج اور دوسرے اشخاص کی خدمت کیلئے وقف کردی تو بڑھاپے میں اس کا ضمیر اسے ملامت نہیں کرتا اور وہ اپنی گذری ہوئی زندگی سے مطمئن ہوجاتا ہے لیکن وہ لوگ جنہوں نے اپنی زندگی خصوصاً جوانی کے مرحلے میں دوسروں کو دکھ دے دے کر گذاری ہے، خوشیوں کے بجائے دکھ درد اور تکلیف کے سامان بہم پہنچاتے وہ بڑھاپے میں سوائے آنسو بہانے اور پچھتانے کے اور کچھ نہیں کرسکتا۔ بڑھاپے میں انسان موت کی آغوش میں چلا جاتا ہے۔ زندگی اور موت کی اس کشمکش میں انسان دوسروں کا دست نگر اور محتاج ہوتا ہے۔ لیکن سہارے کے حق دار وہی لوگ ہوتے ہیں جنہوں نے اپنی زندگی اور جوانی میں کسی دوسرے بوڑھے کو سہارا دیا ہو۔ اور بوقت ضرورت مدد کی ہو۔

انسان کو چاہیئے کہ اپنی زندگی کو فضول اور لاپرواہی سے نہ گذارے بلکہ دوسروں کے بوجھ کو اپنی کندھوں پر اٹھانے کی ہمت پیدا کریں۔ ایک انسان کو اپنی زندگی اس طرح سے گذارنا چاہیئے کہ جب وہ بڑھاپے میں قدم رکھے تو دوسرے اس کی جوانی کے نیک اعمال سے متاثر ہوکر اُسے سہارا دیں یا مرنے کے بعد اُسے کوئی یاد کرنے والا ہو۔ اور اس کا نام ادب و احترام سے اپنی زبان پر لاتے۔

بقیہ: ملیریا

